الیان ڈاک تسلیم مبیع اور قبض ثمن مین بایع کی وکیل متصور ہونگی اور مشتری کو کسی نقصان
سے غرض نہوگی مسئلہ اگر مال ریل مین بھیجا اور بایع بشرط ادای زر نقد بذریعہ ڈاک اکی تو معاً قبضہ
نہ پایا جائیگا اسلیئے کہ بوقت ادای ثمن صرف بلٹی ملیگی مال نہین ملیگا اور اگر روپیہ نقد بھیجکر مال منگایا
اور جملہ امور متعلقہ بیع کی تصریح کردی اور طریقہ ارسال مال بھی معین کردیا تو بایع کو چاہیے کہ مشتری
اوسی مجلس مین اوسی صنعت کا مال اوس روپیہ دینے والے کے حوالی کرے یا اوسکی ہمراہ کردی یا جیسی
مشتری نے طلب کیا یا اوسی اوسی مجلس مین دیدی ورنہ بیع فاسد ہوگی اور یہ روانگی اور روپیہ کی
روانگی ذمہ داری خریدار ہوگی گویا اوسکی وکیل یا سفیر نے روپیہ دیا اور مال لیا اور ایسی صورتمین
جائز ہی کہ خریدار یا بایع اپنا کسیکو وکیل کردی اور قرض کی تدبیر یہ ہی کہ بایع سی روپیہ قرض لیکر ثمن ادا
کردی فصل ۱۰ اگر ایسی چیزین ہون جنمین سونا یا چاندی شریک ہو جیسی لونڈی معہ زیور یا تلوار
بندوق وغیرہ جسمین جا بجا سونے چاندی کی کڑیان یا زنجیرین ہوتی یا منقش جیسی کمخواب یا وہ ملمع
جو کہ جسپر ملمع ہوسکی یا بالکل چھوٹی چھوٹی نقش و نگار رہون جیسی وہ کتابین جنمین جا بجا کچھ سونا ہوتا
ہی یا تھان جنکی کنارہ وغیرہ کچھ چاندی کے تار ہوتی ہین یا سونے چاندیکا ہلکا پانی تو شکل اول و دوم
مین ضرور ہے کہ بمقدار چاندی یا سونیکی قیمت نقد دی جائے اور یہ کہ قیمت اوس چاندی یا
سونے سے جو اوسمین ہی کچھ زیادہ ہو (ہدایہ) اور شکل سوم مین نظر کرین کہ آیا وہ نقش یا ملمع مبیع مین ملحوظ
ہے یا نہین اور ملحوظ وہ شی ہی کہ اگر وہ نہوتی تو خواہ خریدار اوس چیز کو نہ لیتا یا قیمت کم دیتا پس اگر

عہ اگر اوسیطور سے روانہ کیا جاسے جیسا کہ اوسنے حکم کیا تھا ورنہ نہیں ۱۲

عوض چاندی اور رعایت شکور لازم ہو ورنہ سود تھا بیع جائز ہو (اقول) از شامی تحر احتیاط اسی میں ہے کہ بلا ضرورت بیع نہ
دے جو عقد اوس مین قیمت نقد بین دیکہائی اور صورت اسکی قبل از قبضہ بیع مشغول کر والله اعلم سوای اسکی ہر شخص میں
لئے چاندی یا سونیکی (جو ہو) احکام بیع صرف باقی رہنیگے اور کھوٹی چاندیکی سکی اگر وزنا مروج ہوں
تو وزنا اور عددا مروج ہوں تو عددا بکین گی لیکن جبکہ اپنی جنس سے بیچی جاوین تو مساوات اور
رعایت احکام بیع صرف لازم ہے بخلاف فلوس وغیرہ کی کہ وہ جب عددی ہو جاتے ہین پہر وزن کا
خیال نہین رہتا اسلئے کہ فلوس مین ثمنیت محض اصطلاحی ہے اور روپین خلقی پس ایک ڈبل کو ایک سو ڈبل
سے بیچنا اگرچہ وزنا تفاوت ہو جائز ہے سادوان اور چاندی سونے کی مٹی بشرطیکہ [illegible]
ہی اول وہ شی جو اوس مین سے نکلا اگر اموال ربویہ سے ہو تو اپنی جنس کے ساتھ نہ بیچی جاوے مثلا تانبے کی کان
بعوض تانبے کی اور لوہے کی کان بعوض لوہے کی نہ بکے اور اگر ایسا کیا تو اور کوئی شئی اوسکے ساتھ کر دی اور یہ
بھی خوب سمجھ لے کہ جس طرف دوسری چیز ملی ہے اصل شئی کم ہو مثلا سونیکی مٹی سونے سے بیچے اب اگر اوس
سونے کے ساتھ کچھ لوہا بھی شریک کر لیا تو ضرور ہے کہ جو سونا مٹی سے نکلے وہ اس سونے سے کم ہو جو خالص ہے
اور اگر اسطرف سونا اور لوہا دیا گیا تو یہ خالص سونا اوس سونے سے کم ہو جو اوس مٹی مین ہے دوم اگر چاندی
کی کان یا مٹی بعوض سونیکی یا سونیکی مٹی بعوض چاندی کے بیچی تو قیمت نقد دیجاوے سوم اوس مٹی یا
کان مین چاندی یا سونا یا جسکا اقرار کیا گیا ہو ضرور نکلے ورنہ بیع معدوم اور بیع باطل ہوگی کیونکہ
بیان مٹی نہ بیع ہے نہ مقصود اسلئے بائع اگر شرط کر لے کہ بعد چاندی نکال لینے کے مٹی واپس لیجاونگا
تو جائز ہے جیسے جو اس صندوق مین ہے بیچا مگر صندوق نہین بیچا اختیار رویت اسمین حاصل ہے (عالمگیری)
چونکہ ان معاملات مین خیار رویت مخل مقصود ہے بہتر ہے کہ تھوڑی مٹی صاف کر کے دکہلا دیجاوے یا
کوئی لوہا ساتھ کر دی تاکہ خیار رویت کا خدشہ نہ ہو اور اگر باقی مٹی سے کچھ نہ نکلے تو بھی بیع مین نقصان
نہ ہو اور بائع کو یہ جان لینا ضرور ہے کہ اسمین کچھ مال مرا ہی ہے اور معادن کی بیع کے جائز ہونے مین حل
یہ کہ اس کان مین کی اوسکی مٹی یا جو اوس مین سے نکلے بیچ لے گئے و دو مقام اسکا معلوم ہو سے یہ
بیان کر دی کہ اتنا گہرا کھودا جائیگا تاکہ مقدار مجہول نہ رہے اگر زمین جنگل یا کوہستان وغیرہ کی جو کسی
ملک نہین تو اوس مین خمس دیں جیسا کہ ہم آئندہ ذکر کرینگی نہ ہم بیع کر دیں غرض ایسا معاملہ کرنا
جسمین کسی قسم کی شرعی کراہت ہو اور اوسکی پانچ صورتین ہین اول باعتبار بیع جیسی آلات لہو و

وا عیب کو چھپانا کہ باعتبار ثمن جیسے اوس شخص کو بیچنا جو غالباً ادای ثمن مال حرام سے کریگا یا باعتبار
بایع جیسے درزی یوسف کپڑی کی ٹکڑی خریدنا جو اکثر دزد شخص ہوا ہین یا اون کاریگرون سی جو دوسرے
مال مسروقہ سی کام کرتے ہین وہی مال مسالہ خریدنا یا باعتبار مشتری جیسے آلات جنگ یا قرآن مجید
یا مومن غلام و کنیز کافر کو یا باعتبار امور خارجیہ جیسے بوقت اذان جمعہ کے خرید و فروخت کرنا
مگر جب دونو مسجد کی طرف جاتی ہون اور راہ مین خرید و فروخت کرین تو مکروہ نہین جب کسی مسجد مین جمعہ ہوتا
ہو اور وقت تنگ ہون تو ہر شخص کو اوس مسجد کی اذان کی پابندی کرنا پڑیگی جسمین اوسنے نماز کا قصد کیا ہو
پس لوگونکی ترغیب دلانیکے لیے قیمت بڑہانا قال رسول الله صلی الله علیه وسلم الناجش آکل الربا خائن
کو خرید لو یعنی قیمت دکھانیکو بڑ یہ مولا سود خوار ہی ہان اگر نیت خرید کچھ زیادہ کری تو جائز ہی اور اگر
مال کی قیمت بہت کم لگائی جاتی ہو پس بغرض دفع مضرت قیمت بڑھائی تو بہتر اور موجب اجر ہو اگر
ایک خریدار معاملہ طے کر چکی پیر اپنی طرف سے گفتگو کرنا رہنے دیا ہے مال کا عیب چھپانا شہر سے نکلکر تاجرونکو
قافلی سے ملنا اور اونسی غلہ وغیرہ اونہی کی اوپر خرید کر شہر مین فروخت کرنا اور اگر نرخ شہر کا چھپایا تو فریب
بھی ہوا اور اگر کسی ضرورت سی نکلنے اور قافلی سی ملاقات و معاملہ ہو جای تو مضائقہ نہین مگر
اگر ایسی صورت مین بائع نے فریب کھایا اور مال جلد الا اہر شہر مین آیا اور معلوم ہوا کہ نرخ مین فریب دیا گیا ہو
تو اوسے اختیار ہو کہ مبیع پھیر لے اور بیع فسخ کرڈالے اسلئے دہاتی تاجر کیطرف سے شہری واقف کار کا بیچنا آن
بنظر اخوت اسلامی و حمایت احباب و مروت یہ توسط جائز ہے اور ایسے شہر مین جہان
بدون دلال کے معاملہ نہایت دقت سے یا بیت و نوکین ہونیکا خیال ہے تو
بضرورت دلالی بھی جائز ہے احتکار یعنی غلہ یا جانور دنکا چارہ روک رکھنا اور محتکر پر جبر کہ خواہ
مخواہ بیچ ہو ڈالی بصورت حرج عام امام صاحب سے بھی منقول ہی اور فعل نبوی علیہ السلام سے بھی ثابت ہے قیمت
الکیار حاکم یا اور محتکر نے غلہ نہ بیچا امام کو قید و تعزیر مناسب کا اختیار ہو (ہدایہ) اور قاضیخان مین قد ورسیر منقول
ہو کہ امام صاحب کے نزدیک محتکر کا غلہ اہل حاجت پر تقسیم کرائین اور جب اونکو سے ادا کرائین چاہئے کہ

صورتوں میں کہ ان چیزوں کا کرو خریدنا اسمیں فرق نہیں ہے اگر کسی ذمی پر بیع ... سلطنت کرسے ...
میں کسی بدکار کی تصویر بیچنا یا خریدنا یا اشتہار ... مشتی ... کو گنگی ... خریدنا اگر وہ ...
... میں مسلمان کر کے بیچ ... خریدنا ... اگر تن بیچنا اگر وہ ... اور ... عورت ...
قابل ہو حکم ہو سکا ایسی چیزیں بیچنا جس سے گناہ پر اعانت ہو جیسے شریر ... طعام و لباس ... اثر کو درخت ...
کی چیزیں ... جبکہ بیچنا اوس معصیت پر اعانت ہو سکی جیسے ... یا انگور کہ جب اوس کی شراب بنے
تو بیچنے والے گنہگار ہوں وہ ... ظاہر حلال ہے یا اسی فاعل مختار کے فعل پر اوس کی ابتدائی ہیولائی
موقوف ہو جیسے تاثر کو درخت کہ اوسکی لکڑی اور ... جائز نفع بھی لے سکتے ہیں یا افیون و زہر و
پارچہ ریشمی و زیور طلا و نقرہ اگرچہ بعض محل پر ممنوع ہیں مگر استعمال انکا خریدار کی فعل اختیاری پر
موقوف ہو ممکن ہے کہ وہ اور عورتوں کی لباس میں خرچ ہوں اور ممکن ہے کہ ممنوع استعمال میں آئیں اسی طرح
ہی دکان یا مکان اہل الفت یا شراب فروش کو کرایہ دینا بظاہر روا ہے اور زر کا کرایہ حلال مگر ان معاملات میں
دیانتاً دیکھو کہ مبیع باعتبار رواج و مقام و قصد و عادت خریدار کی ممنوع استعمال میں آتا ہو یا نہیں
اور ظن غالب پر عمل کریں اور باوجود غلبۂ ظن اگر معاملہ کیا تو بظاہر روا ہے اور عند اللہ ماخوذ ہیں
واللہ اعلم ہم کہہ سکتے ہیں کہ جو چیزیں اکثر ممنوعات میں صرف ہوتی ہیں اونہیں سمجھنا چاہیے کہ گو با
فعل فاعل مختار درمیان میں ہیں کیونکہ عادت و رواج کو بسبب جبرا اثر ہو جیسے اہل الفت یا کلال
کو مکان کرایے پر دینا یا غیر محتاط آدمیوں کی ہاتھ خصوصاً جو تاثر ہی بیچتے یا بیچنے میں باک نہیں کہ تو
تاثر کو درخت بیچنا ہمارے شہر میں افیون بیچنا ظن کیا یقین ہے کہ ضرور ممنوعات میں استعمال ہوگا
پس احتیاطاً شرط یہی ہے [۱۲] جب علت کراہت بیع کسی وجہ سے غیر معتبر یا مغلوب ہو یا اوس سے صرف معمولی
صرف کراہت تنزیہی یا ممانعت احتیاطی باقی رہیگی مثال رفع علت جیسے آلات حرب کفار اور
باغیوں کی ہاتھ بیچنا اس وجہ سے منع ہے کہ بخلاف مسلمانوں کی اعدا کی اعانت ہوگی مگر جبکہ امن

ہو یا مشتری باطل قصد ہو یعنی ظاہر سمجھا جاوے کہ یہ خریدار حقیقت میں اسلام کی مدد کریگا تو کچھ مضائقہ
نہیں لیکن کہ قسم کا امن و عہد کیونکہ ہو جسقدر احتمال فساد باقی ہو اوسیقدر احتراز اولی ہے کیونکہ
ضرر اسلام میں عناد اصلی ہے اور طبعی تو کسی حالمیں احتمال فساد مرتفع نہیں ہو سکتا پس اس قسم کی چیز
بیچنا بیع ہوگا شامل مکروہ ہے علیت جیسے کتاب یا فرش یا برتن کے ساتھ تصویریں اس طرح ہوں کہ ضرور
بیع ہو جاتی ہیں نہ مقصود بیع نہ انکی اعتبار سے قیمت کم و بیش ہو تو بیچنا جائز ہے مگر کراہت تنزیہی سے
بچاو نہیں شامل ضرورت جیسے چہرہ دار روپیہ یا اور ولایتی اشیا جنپر کارخانوں یا ریگروں کی تصویریں
ہوتی ہیں اور ہرگز ہرگز خریدار کو اونسے کچھ تعلق نہیں ہوتا یہ ہو بطور ترک اولی بلا کراہت جائز
اگرچہ اصل صانع اور آمر ماخوذ ہوگا تاکہ نہ ہو کہ ایسی چیزیں جلکہ لیتے ہیں ۔ اگر بلا اجازت
بائع کے بیچا اور بائع غیب رہا ۔ بدون نیت خرید کے نیت خرید کی تھی مگر چکنے کے بعد بدون
کسی وجہ کے محض عدم رضا کی عزم فسخ کیا تو بہتر یہ ہے کہ قیمت بیچنا مناسب اور اگر مسئلہ جو پانی جاتی ہو
زیادہ ہو اور آدمی اوسکی محتاج ہوں اوسکا بیچنا مکروہ ہے بلکہ بلا قیمت دینا چاہیے (لمعات) بیع مکروہ
نافذ اور مرتکب گنہگار ہے دوسری قسم بیع باطل جو شرعاً عقد بیع متصور نہو پس ۱ وہ عقد جسمیں ایجاب
یا قبول نہو ۲ وہ چیز جو کسی مذہب میں مال نہیں جیسے خون مردار ۔ آزاد آدمی انکی بیع باطل ہے
اور اگر صرف ہماری شرع میں مال نہیں سمجھے گئے جیسے شراب خنزیر تو اگر یہ چاندی سونے یا اثمان کے مقابلہ میں بیع
بیع باطل ہوگی اور اگر بمقابلہ اسباب وغیرہ کی بیع فاسد ہوسکے مدبر ام ولد مکاتب کی بیع باطل ہے
اسلئے کہ یہ مستحق آزادی کے ہیں اور مالیت انکی غیر معتبر اور مکاتب خود مختار ہوتا ہے ۳ ناپاک چیز
پاک میں ملے جیسے خون یا پیشاب یا حلال اور حرام جیسے گوشت ذبیحہ و مردار یا مال متقوم و
غیر متقوم جیسے بکری اور سور بیع ناجائز ہوگی مگر جبکہ ہر شی کا ثمن علیحدہ علیحدہ قرار دیا گیا ہو اور
یہ قید نہو خواہ دو دو لو خریدی جاتیں تو جائز ہے ۴ جبکہ ذات مبیع بدل جاوے اور اوس تبدیل
سے بالکل غرض فوت ہوتی ہو تو بیع باطل ہوگی جیسے بائع نے لونڈی بیچا اور غلام حوالے کیا
اب تبدیل محل بیع سے غرض خریدار کی فوت اور بیع باطل ہوگی کیونکہ ایجاب و قبول لونڈی پر تھا
نہ غلام پر اور اگر مقصود باقی رہے صرف بعض صفات میں فرق آئے جیسے گھوڑا بیچا اور
گھوڑی حوالے کی بیع جائز ہے اور مشتری مختار ہو جاتا ہے کہ چاہے واپس کرے ۵ وہ مبیع

الی جو لیں بیچ کو قبضہ اور ملک سے پہلے بیچنا منقول جیسے بکری یا جس شئے میں بیع بالتولیت ہو یعنی جیسا کہ لم
جو اختیار دیا ہے مچھلیاں پہلے قبل از قبضہ مثال مین منقول بیع کے مثال عقد تقسیم جنس درخت کے
پھل قبل از ظہور بیچا جاوے یعنی قبل از طلوع کے مثال مشکوک الوجود جیسے اون کا مین ہو یا حمل جانور
جیسے نجس مردار کی چیز کا ذائقہ مین سیال ہو جیسے شراب یا تاڑی وغیرہ اگرچہ کسی چیز مین ملا کر عمل ہوتا
ہو یا کہیں بیچنا مین سکتے نان یا جیسے تاڑی بل ہوتی ہو جو کہ نجس ہے اور حرام اور نہ نفع اوس
کو یا بیچنا منع ہے اوسکی بیع اور جس نشہ والی چیزیں مثلاً سیال ہو اگرچہ اوسکو اول کر ساکل بنا لین
بلکہ مین منقول اور نفع اور بیع اوسکی صحیح ہے اگرچہ خود حرام ہے جیسے افیون بیچنا اور اوس سے دوا کرنا جائز
(و) مکیل مشترین کا بیچنا جو جیتا مال اسلاف کا اور پانی بیچنا بسبب ضرورت منحصر کے بطور تخصیص جائز
ہے (الجامع الصغیر) انسان کی کسی جزو کی بیع اور اوسکا استعمال جائز نہیں جیسے بال - دانت -
ہڈی - ناخن - چمڑا - گوشت - وغیرہ - بیع باطل مین قبضہ کرنیکے بعد بھی ملک نہیں آسکے
(ہدایہ) اور کسی قسم کا تصرف مثل ہبہ و بیع و عتق کی جائز نہیں اور قابض یعنی مشتری کے پاس
اگر مال ہلاک ہوجاوے تو امام کے نزدیک امانت ہے اور صاحبین کے نزدیک مضمون (ہدایہ)

یازدھم بیع فاسد جو اصل مین مشروع اور باعتبار کسی وصف کی ممنوع اصل اسمین وہ امر ہے جس
سی بایع یا مشتری کو عقد بیع کی اعتبار سی موقع نزاع کا مل سکے اور فساد کی تین قسمین ہیں اول
فساد فی صلب العقد یعنی اصل بیع مین فساد ہے جبکہ بیع مجہول ہو جیسے اس گھر مین میرا
جسقدر حصہ ہو اور مشتری کو معلوم نہیں جانتا یا جو مقدار مشتری سمجھا ہی بایع کو اوس سے انکار ہے یا
دونوں نہیں جانتے یا ان چند چیزوں سے ایک یا ثمن مجہول ہو جیسے کسی قسم کا روپیہ دینگے یا جو قیمت
قرار پاویگی یا جو فلان شخص کہدے یا جو تمہاری بہی مین لکھا ہوسکے یا اوس چیز کو ثمن گردانین جو
کسی شرع مین مال تھی مگر ہماری شرع مین مال نہین جیسے شراب - خنزیر اور اگر یہ اشیا بیع
گردانی جاوین تو بیع باطل ہے اسلئے کہ مبیع مقصود عزیز ہوتا ہے اور ان اشیا کو شرع نی ذلیل قرار دیا ہے لہذا
بیع باطل ہے اور ثمن وسیلہ حصول مبیع ہے نہ عزیز و مقصود مگر ایسے مالونکو چونکہ شرع نی بیکار و غیر مفید و
حقیر سمجھا ہے ذریعہ حصول مقصود گردانا مناسب نہین لہذا بیع فاسد ہوگی یا اموال ربوا کا جائز طور
پر بیچا جاوین جیسے گیہوں گیہوں سے یا جو سے جو بیچنا یا ایک درہم سے دو درہم بیچنا یا باہم چاندی سونے کو قرضا بیچنا

دوم بیع و شرط اسکو منعقد کرتی ہین ہے ایک حقدار ہین دو معاملی اور اوسکی چار صورتین ہین ایک یہ کہ
جسمین بایع یا مشتری یا مبیع مستحق کا نفع ہو جیسے یہ مکان بایں شرط لیا کہ مشتری اوسکو ایک مہینہ تک
کرائی پر یا مفت رہنے دی یا بایع اوسے قرض دے یا کپڑا سی دے یا یہ غلام مدت سی ساعت رکھا جائے جسمین
غیر کا حق قائم ہو جیسے یہ بیع بایں شرط کہ زید کو یا اپنا مکان عبد الوہاب کو نوکر رکھ لوے دوم شرط یہ جس میں
کسی کا نفع ہو نہ کوئی مدعی ہو سکے اور نہ متعارف ہون جیسے یہ بکری ذبح نہ کیجائے یہ مکان نہ گرایا جائے
متعارف ہون یعنی جو رواج مین مشہور کہ مبیع بغیر اوس شرط کے مقصود ہو جیسے کلاہ کہ قالب پر چڑھا دو یا یہ کپڑا
سی کر دو یا یہ ادویہ وغیرہ جو پڑیا مین باندھ دو یا کتاب کی ورق جدا کر دو سوم فساد نقصان یعنی بعض جزو یا
بیع کا ترک کرنا جیسے مال کا غیر مقدور التسلیم ہونا یعنی وہ مال جسپر وہ یا اوسکا قائم مقام قابض نہو جیسے مال
مغصوب اور مفقود اور مبیع قبل از قبض اور دین اور مرہون کی بیع فاسد ہے اسلیے کہ انکے قابض مالک کی
قائم مقام نہین ہین یا مدت ادای ثمن مجہول ہو جیسے جب کھیت کٹے یا تنخواہ ملی یا زید سفر سے
آئی یا پانی برسی ثمن ادا کرینگے یا کسی ایسی امر کی تصریح نکی گئی جو اغراض بیع مین داخل ہے جیسے گوشت یا
کپڑا لیا اور منع قطع نہ بیان کیا الغرض جو امور اقتضای بیع کے خلاف ہین یا کسی قسم کی نزاع پیدا کرنے
والی ہین وہ سب موجب فساد ہین اور اقتضای بیع یہ ہے کہ مشتری مبیع کا اور بایع ثمن کا پورا مالک
ہو جائی پس جو امر اس کمال ملک کو ساقط یا کسی دوسرے امر کو ثابت کرے وہ مفسد بیع ہے احکام
بیع فاسد ۱ فساد اصلی کسی طرح مرتفع نہین ہو سکتا ہے شرط اول فساد نقصان اگر قبل از فسخ بیع ہر جانبہ
مرتفع ہو جائی تو بیع صحیح ہو جاتی ہے جیسے وہ شروط زائد جو لازم کیے گئے تھے ترک کر دی جائین یا مدت
مجہول بیان کر دی جائی یا ثمن نقد دیدیا جائے یا مال مفقود و مرہون قبضہ مین آجائے ۳ شرط
دوم و سوم اگر لازم و ضرور رہے نہ مقصود ہو تو خود بخود ساقط ہو جاینگی اور بیع ثابت ہو گی کیونکہ
کہ محض شرط زائد ہے بخلاف شرط اول کے کہ اوسمین ایک مستحق مدعی ہے اور اوسنے اسی غرض سے معاملا کیا ہے
ور شرط دوم و سوم ایسی نہین اور شرط چہارم موافق مقتضای عقد و متمم بیع ہے اس سے کچھ ضرر نہین

عدم جواز بیع سے غرض یہ نہیں کہ اوس مال کا لینا ممنوع ہو گیا بلکہ اس ایجاب و قبول کا شرع
میں اعتبار نہیں کیونکہ مالیت نہیں تو بیع فاسد میں مبیع مشتری کی ملک میں نہیں آتی جبتک بائع مشتری کو قبضہ نہ
دیدے اور وقت ملک میں آجاتا ہے لیکن خمر و خنزیر مسلم کی ملک میں آ ہی نہیں سکتے لہذا انکی قیمت واجب ہوگی
بیع فاسد کا فسخ کرنا واجب ہے اگر قبضہ ہو گیا ہے تو پھیر دینا واجب ہے اور اگر مشتری کے پاس
سے مبیع ضائع ہو گیا یا تلف ہو گیا یا قابل واپسی نہ رہا جیسے گیہوں پیس ڈالے گوشت پکا لیا کپڑا قطع
کر ڈالا تو قیمت دینا پڑیگی ثمن سے کچھ غرض نہیں قیمت ثمن سے کم ہو یا زیادہ اسلئے کہ بیع نہیں ہوا ایک
قسم کا غصب ہے اور اگر مبیع میں کچھ بیشی کر دی گئی ہے جیسے زمین پر مکان بنا لیا یا باغ لگا یا تو بر
امام صاحب کے نزدیک واپسی نہو گی کیونکہ بیع فاسد سے بعد قبضہ کے ملک آجاتی ہے مگر نفع لینا حلال
نہیں پس اگر اوسے بیچا تو جسقدر نفع ہو تصدق کر دے اور اگر خود کوئی نفع حاصل کیا تو ماخوذ ہوا اگرچہ
سائی کہ ملک فاسد ہے اور فقہا نے اسی باب ربوا سے قرار دیا ہے جیسا کہ حضرت عائشہ نے زید بن ارقم
رضی اللہ عنہما سے فرمایا کہ اگر تم اس بیع فاسد سے جو کرتے ہو باز نہ آؤ گے اور توبہ نکرو گے تو اللہ تعالیٰ تمہارا
حج و جہاد جو آنحضرت کے ساتھ کیا ہے باطل کر دیگا البتہ ثمن یعنی چاندی سونا جو اس بیع فاسد میں بائع
کو ملی اوسکا نفع حلال ہے اسلئے کہ ثمن متعین نہیں (عالمگیری) میرے نزدیک یہ بھی کراہت سے خالی نہو گا
مگر غصب اور خیانت اور سرقہ میں نقدین سے بھی نفع حرام ہے (عالمگیری) مسئلہ پھل وغیرہ
اگر خراب اور بیکار نکلیں تو اوسکی چار صورتیں ہیں ۱ کل خراب ہیں تو بیع باطل اور قیمت ساقط
ہے ۲ ربع یا ثلث خراب ہیں بیع فاسد ہو گی ۳ کسیقدر خراب ہیں یعنی وہ مقدار جو اوس قسم کے
اشیا میں عادتاً ناقص نکلتی ہو جیسے گیہوں اور دوسرے اناج جنمیں کچھ نہ کچھ کوڑا وغیرہ ضرور ہوتا ہے یا عرفاً
قلیل و غیر معتبر سمجھا جاتی تو بیع صحیح ہے ۴ اگر ایسی خرابی ہو جس سے مالیت اور انتفاع باقی رہے صرف
اوسکی عمدگی اور وصف میں کمی آ گئے تو حکم خیار عیب جاری ہو گا شروط و مواعید انکا پورا کرنا
لازم اور بد عہدی گناہ عظیم ہے قال اللہ تعالیٰ اوفوا بالعقود وقال رسول اللہ المسلمون عند شروطھم
رواہ بخاری اور ابو داؤد میں ہے کہ بعض صحابہ اس شرط پر اپنے اونٹ مسلمانوں کو دیتے تھے
کہ جہاد میں جو مال غنیمت ہاتھ آئے آدھا آدھا تقسیم کر لیں بخاری میں قاضی شریح سے

مستقل ہا تو مثل شرط التعلیق علی ... جیسا کہ ... میں امام ابو حنیفہ اور محمد سے مروی ہے کہ اگر مستقرض اپنے
کہا کہ اگر ... اگر وہ تو آدھا قرض سے بری کر دونگا پس یہ شرط لازم ہے یعنی اگر آدھا ادا کیا
ادا کیا نصف قرض سے بری ہو ورنہ اور فتاوی بزازیہ کی کتاب الکفالۃ میں ہے ان المواعید
بالتساہل قد تکون لازمۃ اور در مختار کی بیع بالوفا میں ہے المواعید قد تکون لازمۃ لحاجۃ الناس
پس سب عبارتیں شرح میں اس امر پر کہ شروط مثل عقود کے بحیر پوری کرائی جائیں اور قضاءً لازم
ہیں ورنہ حاجت خلق سے تعلیل اور تعلیق کے قید لغو ہو جائیگی اور نکاح وغیرہ میں تو باتفاق شروط
لازم ہیں اور یا عہد کی نسبت وعید وارد ہے اور کوئی دلیل عدم لزوم پر قائم نہیں عقل سلیم بلکہ
ادو بیت اور انتظام عالم بھی اسی امر کو مقتضی ہے ورنہ اعتماد اور امن اوٹھ جائیگا اور بڑی خرابی
واقع ہوگی و المرء یؤخذ باقرارہ مگر جو وعدے اور شرطیں اصول و احکام شرعیہ کے خلاف ہوں
وہ لغو ہیں قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من شرط شرطاً لیس فی کتاب اللہ فلیس لہ وان شرط
مائۃ شرط شرط اللہ احق و اوثق رواہ البخاری اسی بنا پر جملہ بیوع فاسدہ و عقود باطلہ و معاہدہ
ربوا و اجارت معاصی قابل التفات نہیں ہوتی اور شرط ربوا و قسم اکل خنزیر و شرب خمر یا قطع
رحم یا حج مسلم وغیرہ باطل اور واجب الفسخ ہیں ۳ شروط مجہول جسمیں مشروط نہ معین ہو
نہ معلوم کیونکہ یہ امر مفضی الی النزاع اور موجب تکلیف ما لا یطاق اور وجوب بغیر علم ہو اور یہ باطل
ہے پھر اس معاہدہ کی دو قسمیں ہیں اول وعدہ محض یعنی صرف اقرار جسمیں دوسرے کے قبول کی
قولاً و فعلاً حاجت نہ پڑی اسکی تعمیل قضاءً لازم نہیں عند اللہ مواخذہ ہوگا کیونکہ یہ معاملہ یکطرفہ
ہے دوسرے شخص کے قبول کو نہ ابتداءً اسمیں دخل تہا نہ انتہاءً اوسی خصوصیت کی قابلیت

ہیں یا اور کا شتی بدون خصومت و قیام مدعی کے ایک ہم پیش کرسکتا شوق جبر گویا کتاب ذیل میں شتر
کر آئینگی ذکر کیا گیا دوم شرط مستحق یعنی وہ دعوے جو کسی فعل یا معاوضہ سے متعلق ہو ان میں
دوسری طرف سے قبول شرط ہو اور جب شرط پائی جاوے تو تعمیل دیانتاً و قضاءً لازم کیونکہ عقد
ہوا اور ایک معاوضہ کا وہ مستحق ہو اور وفا بھی نہیں ضرور کہا کہ تم دوا یا دعا کرو بشرط صحت دس روپیہ
دینگے یا میرے مقدمہ میں وکالت کرو بشرط کامیابی سو روپیہ دینگے یا ہمارا مال لیجا کر بیچ لاؤ یا
اپنا مال بیچدو در صورت واپسی خرچ آمد و رفت ہم دینگے یا فلان حق سے جو تمہارا ہمارے یا کسی کے
ذمہ ہے دست بردار ہو یا یہ مال تم نے بیچا ہم اس قیمت پر خرید لینگے یا تم اب کسی سے یہ چیز خرید و
ہم اس قیمت پر لے لینگے یا اپنا مال ہمارے ساتھ لیجاؤ اگر ہم نے خرید لیں تو تم کو اس آمد و رفت کا نقصان
دینگے الغرض جو شرط مشروط لہ کے قبول کرنے پر موقوف ہو وہ لازم ہے یہ وعدہ کہ ہمارا فلان کام ہو جاوے
تو اسقدر دینگے نہ محتاج قبول ہے نہ قضاءً لازم زید نے ایک طبیب سے علاج کرایا یا کسی کو اپنے
مقدمہ میں وکیل کیا اور یہ قرار پایا کہ زید جملہ مصارف علاج و مقدمہ سے بری ہے البتہ بشرط
کامیابی اسقدر دیا جائیگا اب اگر مجموع معاوضہ محنت و مصارف ایک رقم ہے جیسے ہزار روپیہ
یا نصف یا ثلث مال تو شرط صحیح اور معاوضہ مذکور لازم ہے اور جملہ مصارف دوا و مقدمہ سے بری
جانینگے اور اگر معاوضہ مصارف علیحدہ اور محنتانہ علیحدہ قرار پایا جیسے سو روپیہ بابت دوا کے اور دو سو
حق معالجہ تو یہ شرط فاسد غیر معتبر ہے اور قیمت المصارف بطور بیع فاسد لازم اسلیے کہ اگر وہ
مال ہبہ ہے تو شرط ادا کیسی اور اگر قرض ہے تو شرط عدم ادا کیسی اور دوا وغیرہ میں قرض بھی صحیح نہیں
جیسا کہ باب القرض میں معلوم ہوگا اسکی نظیر معاہدہ زراعت ہے جسکو زمین میں بشرط لیجاوے
کہ جسقدر پیدا ہوگا اوسکا نصف یا ثلث مالک زمین کا ہے اور مصارف مزارع کے ذمہ ہیں
واضح ہو کہ یہ ایک بڑی اصل جامع اور واسع ہے جو ایک عمدہ انعامات سبحانیہ و فیضان الہیہ
سے اس رسالہ میں ہے اس سے ہر قسم کی معاملات کا جواز نکل سکتا ہے چاہیے کہ جو معاملہ ہو اوسے
پہلے دوسری عقود کی نظر سے دیکھیں اگر کسی عقد مشروع کے موافق ہے تو اوسکے احکام کی پابندی
کریں ورنہ غور کریں کہ اصول شرعیہ کے مخالف ہے یا نہ اگر مخالف ہے تو متروک ورنہ درست
اسباب سے متعلق و معدود ہوگا اسکی فروع متفرقات میں مذکور ہونگی انشاء اللہ تعالیٰ

والدہ اس وصیت مین فرض ہو اسمین وارثکا قبول او رپسند کرنا دخل نہین جو چیز وقف کیجاتی ہو اور سبقتصہ بحوز وقفکی تصحیح باب
بابی تصحیح اسکی بہار شریعت سالہ اصلاح الاعمال کی کتاب النکاح اور باب البیع مین جو حقوق الضعفاء والتساوات سکتا
اگر کسی خدمت سابقہ کا عوض ہے تو بعد اجرا و استقرار کے بسبب شرائط استحقاق ثابت ہوگی ورنہ راہ حاکم کی مرضی پر
عنا مگر سیال جبلہ اموال سے زیادہ تر ظاہر اور بہتر ین ہے کہ استحقاق فرمایا آنحضرت نے کہ میرا رزق تلوار کے سایہ تلے ہے
مال غنیمت اعطاء الوہ مبارک ہوتا ہے اور قبل تقسیم اسمین تصرف منع اور چرانا اسکا نہایت گناہ ہے
رد بالعیب عیب دار چیز پھر سکتی ہے جسوقت خریدار کو اطلاع ہو البتہ اگر بائع نے کہدیا تھا یا صراحتاً
ظاہر کر دیا ہو کہ مین کسی عیب کا ذمہ دار نہین ہون (عالمگیری) یا عیب ایسا تھا جسپر پہلے تامل نظر
پڑتی تہی جیسے پھٹا ہوا کپڑا تو خریدار کو کچھ حق نہین رہا عیب کی پانچ شکلین ہین اول قبل
قبضہ عیب موجود تھا یا بائع نے کوئی ایسی تدبیر کی جسکا عیب سے ظاہر نہو سکے جیسے کپڑے پر
تیزاب لگا دیا یا بہت سیا کپڑا مین باریک رفو یا کسی چیز کا داغ تھا جو ہرگز نہ چھوٹے مگر کپڑا ایسا
ہو جس سے اوس داغ کا اثر مخفی ہو دہلی ہی پڑا ظاہر ہوگا یا جانور کو کوئی ایسا زہر دیا یا منتر چیز
کھلائی جس کا اثر کچھ دن بعد ظاہر ہوا اسصورتمین خریدار کو اختیار ہے کہ پھیر دے یا رکھ لے
مگر نقص کم نہوگا اور ثبوت اس امر کا کہ عیب مذکورہ بائع کے پاس سے تھا خریدار کے ذمے ہے
دوسرا ایک عیب سابق تھا دوسرا بعد قبضہ کے لاحق ہوا خواہ مشتری کے فعل سے جیسے کپڑا پھٹ
گیا خواہ کسی اتفاق سے جیسے چوہے کتر گئے اب بائع مختار ہے کہ چیز پھیر لے یا قیمت بقدر عیب
سابق کم کر دے اسے خریدار کا حق اوس سے متعلق ہو گیا جیسے کپڑا اسکو سلوایا یا رنگوایا یا گوشت پکوایا
اور اب اوس عیب سے آگاہی ہوئی جو قبل از قبضہ مبیع مین موجود تھا اسمین خیار ساقط
اور نقصان عیب ذمہ بائع عائد ہوگا اور بائع اگرچہ راضی ہو مگر مبیع واپس نہین ہو سکتا
کیونکہ حق خریدار ہو اوسمین متعلق ہے مبیع مین ایسا تصرف کیا کہ وہ ہلاک ہو گیا یا قابل
واپسی کے نہ رہا جیسے غلام بیچ ڈالا یا قتل کر ڈالا یا کھانا کھا لیا یا کپڑا پہنا اور پھٹ گیا یا بیچ ڈالا یا ہبہ
کر کے حوالے کر دیا اب نہ واپسی ممکن ہے نہ رجوع نقصان قیمت لازم پانچویں یہ امور خود بخود ہو گئے
جیسے کہ غلام مر گیا کپڑا جل گیا اب رجوع نقصان قیمت ہو سکتا ہے بکر نے عیب دار
مال بیچ ڈالا اور زید مشتری نے اوس عیب کا اقرار کیا کہ پھیر اگر بحکم قاضی مال پھیر آگیا ہے تو بھی

اول نہ پایا بیع اول پر نقصان عیب لوٹ سکتا ہے اگر ثابت کرے کہ یہ عیب سابق ہے اور اگر خریدار ثانی نے قضا
قاضی یا باہمی معاملہ کر لیا تو بائع اول ملزم نہوگا عیب وہ ہے جسکی وجہ سے تجار قیمت کم کر لیں جب خریدار
عیب سے آگاہ ہوا پھر کوئی ایسا تصرف کیا جو منظوری اور ملک پر دلالت کرے خیار عیب باطل ہوا
مثلاً کپڑا پہن لیا سواری پر سوار ہوا بیچنے کے لیے چاہا یا کپڑے کو خرید العبد دو ماہ کے عیب اوسکا معلوم
ہوا اور قیمت بازار سے نقصان رکھتی ہو تو یہ کم قیمت عیب حادث نہین اگرچہ مرور ایام سے قیمت کم ہو گئی
مگر مشتری کو اسمین کچھ اختیار نہ تھا جو تصرف یا عیب ایسی ہین جنپر تسلیم مبیع یا معرفت عیب موقوف
ہو وہ عیب حادث نہین مثلاً کپڑا اتنا علیحدہ کر لیا یا گوشت کتر لیا یا مزہ چکھا اسے شیرینی تلوا کر لی
یا خربوزہ - تربوز کا کاٹ کر دیکھا اب عیب معلوم ہوا تو کپڑے یا گوشت کا علیحدہ ہو جانا یا مٹھائی کا مسلا کر
ہاتھ مین آجانا یا خربوزے تربوز کا تراشنا ہر چند موجب نقصان ہے مگر عیب حادث نہ سمجھا جاوے گا
اسلئے کہ عیب حادث وہ ہے جو بعد قبض پیدا ہوا اور یہ قبضے سے پہلے پیدا ہوئے اور مشتری کا اسمین
کوئی قصور نہین کیونکہ بدون ان صورتونکے بائع تسلیم مبیع پر قادر ہی نہ تھا اور خربوزے تربوز
مین اگرچہ یہ عیب بعد قبضہ ہوا مگر مشتری بے تراشے اوس عیب کو پہچان نہ سکتا ہان وہ امور
جنپر نہ تسلیم مبیع موقوف ہو نہ معرفت عیب اگر مشتری کی ذات سے ہونگے تو قبل قبض سے مشتری
ملزم ہے مثلاً گوشت کا قیمہ بنوانا کپڑے کی گٹھری کر کر اوٹھائی لیکر چلنا یہ سب عیب حادث ہین اور
یہی مفہوم ہوتا ہے فقیہ ابو اللیث رح کی رائے سے جو خیار رویت مین مذکور ہوگا البتہ یہ سب چیزین
خیار رویت کے مسقط ہین - رد عیب مین میراث ہے (عالمگیری) خیار رویت جو شخص بے دیکھے
کوئی چیز خریدے ہے اوسے اختیار ہے کہ دیکھنے سے پہلے یا دیکھنے کے بعد واپس کر دے اور دیکھنے سے یہ غرض
ہے کہ اجمالاً علم ہو جاوے اور یہ علم تین طرح حاصل ہوتا ہے - قبل خرید دیکھا ہو یا نمونہ دیکھ لیا ہو

اسمین شرط کرے مبیع مین کچہ تبدیل و تغیر پایا جاے تفصیل بیان سن لو اور دوسری صورت باقی ہے
فقط نما ہے مین جیسے مشتری نابینا ہو یا بیع سلم کر جاے دیکہی یا امتحان کرے جسکا علم غیر
سے نہ حاصل ہو جیسے عطر شیرینی وغیرہ اور جن امتحان شرط ہے یعنی سونگہ لینا یا چکہ لینا اور عکس کے
دیکہنے تو خیار باقی نہین ہوتا عالمگیری اپس غلام یا لونڈی یا اور چیز کی تصویر عکسی اور زمین و
مکان وغیرہ کا نقشہ دیکہ لینا کافی نہین اور صرف رضا سے خیار رویت ساقط نہین ہوتا یعنی اگر
بے دیکہی مشتری نے کہدیا کہ مجہ خیار نہین ہے تو اس سے کچہ نہین ہوتا البتہ اگر کوئی ایسا تصرف کرے
جس سے مبیع قابل رد نہ رہے یا مشتری مر جاے یا مبیع عیب دار یا ہلاک ہو جاے تو خیار رویت
نہ رہیگا یعنی بعد دیکہنے کے اوسکی واپسی کا اختیار نہین بس شک جب ثانی سے نکال ڈالا گیا خیار
رویت نہ رہا فرستادہ کا دیکہنا معتبر نہین ہان وکیل کا دیکہنا کافی ہے خیار رویت کی مدت کو ایسے
امر پر موقوف کرنا جسکا ہونا نہ ہونا ضروری نہو جائز نہین جیسے جبتک زید آوے یا جبتک پانی برسے
اور یہ کہ عید فطر یا رمضان تک خیار ہو جائز ہے اسلیے کہ پانی برسنا یا زید کا آنا ضروری نہین نکلا
عید اور رمضان کہ مسئلہ زید نے ایک صندوق عمرو سے مول لیا اور کہا کہ اسی فلان مقام پر پہنچا
پس جب صندوق اوس مقام پر پہونچ گیا خیار رویت ساقط ہوا اور یہ فقیہ ابو لیث کا قول ہے اسلیے
کہ حمل و نقل کے بعد عیب حادث ہو اگرچہ صندوق مقام معین پر نہ پہنچے بلکہ راہ مین ہو تب بہی خیار
ساقط ہو جائیگا صفقہ واضح رہے کہ تفریق صفقہ جائز نہین مثلا چار برتن یکمشت بیچے اب
خریدار کو یہ اختیار نہین کہ بعض برتن خریدے اور بعض نخریدے اگرچہ قیمت ہر ایک کی علیحدہ
بہی ہو لیکن جب مبیع پر قبضہ ہو گیا صفقہ کا حکم نہ رہا پس جبتک مبیع قبضہ مین نہ آے اور
چاروں مین ایک معیوب یا مستحق نکلا تو خواہ چاروں پہیرے جائین یا چاروں خریدار کے
پاس رہین اور قبضہ کے بعد البتہ وہی عیب دار یا مستحق چیز پہیر جائیگی کیونکہ قبضہ سے صفقہ تمام
ہو گیا البتہ اگر قیمت علیحدہ علیحدہ نہ بیان کیجاے یا ایسی چیز ہو جسکی تفریق مین نقصان ہے جیسے
دری۔ تہان۔ گہوڑی کہ دونکا جبین دو سوزی وغیرہ تو تفریق نہ ہوگی کیونکہ یہ حکما متحد ہین
اگر خیار شرط یا خیار رویت وغیرہ جبتک ساقط نہو نہ قبضہ کامل ہوتا ہے نہ صفقہ تمام
کیونکہ جبتک خیار باقی ہے بیع لازم نہوگے قبضہ راس المال سلم اور مبیع منقول مین

تصرف قبضہ سے پہلے بانسبت بغیر کسی کے ہاتھ بیچی ہو [illegible] ملکیت یا حضرت علی [illegible]
مین قبل قبضہ بیع تصرف جائز نہیں [illegible] لیکن مشتری مین ایسا قبضہ کیا جائے
اگر کوئی مانع نہ ہے پس اگر قبل قبضہ مبیع کو اجارہ پر یا عاریت پر دیا [illegible] تصرف قبضہ نہ
ہو جاویگا اور اگر بایع نے اپنے گھر میں مال مشتری کے حوالہ کیا اور مشتری نے قفل و مہر وغیرہ
رہنے دیا قبضہ تمام ہوا (عالمگیری) مگر جبکہ ایسی صورت قبضہ سے [illegible] نقصان [illegible] ہو تو کسی
حیثیت سے مشتری کو تصرف مالکانہ پر قادر کر دینا اور بایع کا علیحدہ ہو جانا کافی ہے مثلاً زید کا مال تجارتی
وزنی ایک جہاز یا گاڑی وغیرہ پر لدا ہوا عمر نے خرید کر دوسری طرف روانہ کیا [illegible] اگر حسب
مصالح تجارت اوس اتار کر دوسرے مقام پر لیجانا منظور نہیں کیونکہ ایسی [illegible] اوقات
اصل جمع میں بھی نقصان کا خوف ہے اور ایسی ہی اگر نمونہ یا تحریر وغیرہ [illegible] کر دے
مشتری کو منتقل ہوا اور مشتری کو بار بار ایک ہی بار معاہدہ کر لینا [illegible] اس معاہدہ
کے ذریعہ سے وہ مال خریدار کے اجیر کے قبضہ میں آجائے اور ہر وقت تصرف پر قادر رہے اب
بایع سے یہ شرط لینا کہ بار برداری جس پر مال لدا ہے [illegible] کرایہ ضرور دینگے یا [illegible]
اگر قبل معاہدہ کے بیع ہو اور داخل عقد نہیں تو جائز ورنہ مفسد بیع ہے مسئلہ زید نے بکر سے ایک
ایسا مال خریدا جسکے رکھنے کو مصارف مکان یا محافظ وغیرہ بالضرورت مطلوب ہیں اور بکر نے بعد ختم
بیع زید کو قابض کر دیا اور اجازت دیدی پھر زید غائب ہو گیا [illegible] تو اسکو کچھ نہیں
علاوہ اوس قدر وقت کہ جسکی اجازت بکر نے دی ہو یا ایسی [illegible] مطلوب ہے
جملہ اوقات کا کرایہ اور مصارف جزو ثمن ہو جاویگا مسئلہ اگر کلکتہ مین مال خریدا اور قرار پایا کہ بایع
اوسکا کانپور تک پہونچا دے تو یہ شرط مضر نہیں اسلئے کہ مقام تسلیم کا لحاظ کرنا شرط زائد وہ نہیں ہے
مگر قبل از وصول کانپور وہ مال مقبوضہ نہ متصور ہوگا اب باقی رہا وزن اور شمار وغیرہ اسکے لئے
یوں کہا جائے کہ یہ کل مال جو اسقدر ہے اتنے روپے کو بیچا ہیں اگر کم نکلا تو بایع بعد ثبوت ذمہ دار ہے
اور اگر زیادہ ہے تو اوسی کو کوئی حق نہیں الا بہ تخفیف باقرار داد اور اسیطرح یہ قول منتقل اور
استحقاق رجوع ہوا کرینگے جہانتک مراتب بیع اسی ہیئت پر ترقی کریں اور اگر غلہ ہے جسمین
وزن شرط ہے تو یہ شکل بطور تخمین ہو سکتی ہے یعنی یہ سب اتنے روپیہ کو اور وزن کا ذکر نہ کرے

ورنہ وزن کرنا لازم ہوگا ایک آدمی کی ناؤ یا نوکا چھوٹا گاوین دیسے نے بکر کے ہاتھ بیچا پھر بکر نے بدفعات
بیچنا شروع کیا اور جب سب بک گیا تو جتنا بحساب بیع متفرقات مجموع وزن ہوا وہی قیمت
ہر مشتری نے اپنی بائع کو دی اب ناؤ یا جہاز اگر بائع کا ہے تو اجارہ اور کرایہ اوسکا ہے لوگ آ
زمر خریدار کر دینا بجائے قبضہ کے ہے اور ہر بار اولٹ پلٹ کرنا ضرور نہیں کیونکہ اسمین سخت
نقصان ہے مگر یہ اجازت وغیرہ صاحب جہاز میں داخل کرنے سے بیع فاسد ہوگی اور ایک وزن
جو آخر میں ہوا سب کی طرف سے کافی ہوگا اگر بوقت وزن وہ سب بیچنے والا اوسکی قائم مقام موجود
ہوں ورنہ بیع باطل ہے نیز یہ کہ نیلام جائز ہے اور جب بولی ختم ہو بائع بیچنے نہ بیچنے کا مختار
ہے کیونکہ یہ بولی بائع کی طرف سے نہیں ہوتی بلکہ خریدار کی طرف سے ہے ہاں جبکہ بائع نے اولاً
اپنا ارادہ ظاہر کیا کہ یہ چیز ایک روپیہ کو ہے پھر خریدار نے قبول کر لیا بیع تمام ہوئی اور بیع دکھایا گیا
تو خیار رویت باقی ہے آج کل نیلام میں اکثر جتنا امر ہوتے ہیں ا۔ آخر بولی پر ضرور ختم ہو جائیگا
یہانتک کہ اگر قیمت بحسب رضامی بائع ہو تو بحیثیت خریدار اپنے نام چڑھا لے مگر بیع ضرور ختم ہو
یہ شرط لغو ہے اور جو مال اس شرط کے ساتھ بیچا جائے اوسکی بیع صحیح نہیں ۲۔ نیلام کرنیوالا
اجرت ضرور لیگا نیلام ہو یا نہو یہ شرط جائز ہو سکتی ہے اسلئے کہ وہ اجیر ہے اثر مرتب ہو یا نہو اور
اگر اجرت بشرط نیلام قرار پائی تب بھی جائز ہے ۳۔ اگر بائع نے خود خرید لیا تو اجرت نصف ورنہ
کل یہ شرط لغو ہے جیسا کہ احکام اجارت میں مذکور ہوگا انشاء اللہ تعالی ہاں بطور وعدہ بخشش
کمی کا اختیار ہے اور بائع کا خود چڑھا لینا اور نیلام ہونا ایک ہی شی ہے ۴۔ یہ کہ اگر بائع نقد روپیہ
لے تو اجرت نیلام فی صدی عہ اور بعد ایک ہفتہ کے لے تو اجرت فی صدی ہے یہ شرط تبھی درست
ہے کہ بائع قبل نیلام ایک صورت اختیار کر لے جیسا کہ بیع میں ہے کہ نقد میں یہ چیز دہ کو اور قرض
میں عہ کو اور ایک امر طے ہو گیا تو جائز ہے ورنہ اجرت مجہول اور معاملہ فاسد ہو جائیگا
پس اگر نیلام کرنے والی نے یہ شرط مشتہر کر دی ہو اور قبل نیلام کرنے کی امر قرار پا چکا
ہو تو اجرت مجہول اور یہ اجارہ فاسد ہوگا اور اجر مثل جو اشتہار سے زائد نہو عائد ہوگا قیمت
بڑہانیکے غرض سے بائع کا یا کسی دوسرے شخص کا بولنا فریب اور ممنوع ہے اور وعدہ بیع کہ وہ استصناع
کوئی چیز بنوانا ہے جسمیں مال مثلا لوہا کاریگر کا ہو وہ بیع قابل پایا جائے لیتے آدمی اون چیزوں کو

ہوتا اگر بیت میں جیسے جوتا ٹوپی وغیرہ کے صورت ملاحظہ ہو یا نہ شنید تو کہ صانع جو خواستہ درست جیسے
تیار امر صحیح کر سکتا ہے نہ ماسوا اسکے یہ قول ابو یوسف کا ہے اور امام صاحب کے نزدیک دونو
مختار ہیں جب امر مستصنع کو دیکھے تو لے یا نہ لے اور کاریگر بایع کو اختیار نہ ہوگا اگرچہ اس سے پہلے
اختیار رہتا کہ وہی چیز اگر دوسرے کو دیتا یا دوسرا بنا دیتا ہو اور مشتری کو لازم ہو جاوے گا اسکو خیار رویت دیا گیا
ہے (ہدایہ) اور معنی واضح رہے کہ آجکل استصناع بہت مروج ہے اور بہت سی چیزیں بنوالے جاتی ہیں
کیونکہ کیا سب چیزوں کا بنوانا ضروری امر ہے اور جو چیزیں بکثرت پائی جائیں اونمیں بھی کبھی کوئی
صفت خاص یا طرز مطلوب یا منافع مقصود ہوتا ہے اس خیال سے سبکا استصناع داخل ضرورت
و شامل تعامل ہے جیسا حدیث میں منقول ہے کہ آنحضرت نے منبر جدید بنوا لیا جو کہ اوس زمانے میں معروف
کیا تھا پس کسی کو معلوم بھی نہوگا بنظر ضرورت وکثرت معاملات استصناع میں تعین مدت سے بھی
چارہ نہیں اسلئے کہ اگر مدت معین نہو تو وقت وصول معلوم نہو نیز کس قدر خرابیاں ہونگی اور
اگر بابت تعین مشروط ہو تو ایسی چیزیں نہیں جو جلد بن سکتیں یا مطلوب نہیں وقت ہوگی لہذا
تعارف و تعامل تعین مدت شرط ضروری نہیں ہے اور مصنوعات کی دو قسمیں ہیں ایک جسکی لینے
نہ لینے میں صانع کا نقصان قابل اعتبار نہیں کیونکہ وہ شے بکثرت مستعمل و فروخت ہوتی ہے
اور میں کوئی چیز نئی یا خاص طور کی نہیں بنوائی گئی اور کاریگر بدون فرمایش بھی اوسی بنایا اور
بیچا کرتا رہتا اسمیں مشتری کو خیار رویت حاصل ہے کہ جسکی واپسی سے کاریگر کا کچھ نقصان
ہو نہ خواہ بک نہیں سکتا یا خواہ قیمت کم پائیگی یا خواہ اسقدر روپیہ اوسمیں صرف ہوا کہ
فی الحال نہ وصول ہو تو بیچنے تک اسکے انتظار تک اسکی دوسرے کاروبار میں نقصان و حرج ہوگا
خواہ یہ بدون فرمایش ایسا مال کبھی نہ بناتا تھا پس از قیاس ایسی شکلوں میں بدون حجت بنوانے
والیکو خیار رویت دینا سبب استصناع ہے اور اسی پر اقوال فقہا دلالت کرتے ہیں کیونکہ وہ
استصناع میں تعامل کو شرط فرماتے ہیں اور تعامل اسیطرح جاری ہے ہاں یہ امر کہ تعامل اس
زمانہ کا حجت نہیں تب ہی کہ مخالف قیاس یا ثابت امر جدید ہو اور یہ اول چیز ہے نہیں جسکا
صحیح نمونہ نہ لیا گیا یا ممکن نہ ہو اور اگر نمونے پر فیصلہ ہو تو خیار رویت ساقط ہوگا اسیے
معاملوں میں جملہ شرائط کا طے کر لینا بلکہ لکھ لینا ضروری ہے مگر اکثر چیزیں کاریگر خواں یا سرکار دونوں میں یہ دستور ہے

البعض چیزونکی نسبت ایک معاہدہ ہوجاتا ہے کہ اسقدر مال بااقساط واوقات وقیمت معلوم
متفاوتات معلومہ پر موجود کیا جاوے پس اگر کل قیمت فوراً نقد دیدی گئی اور مبیع بائع کے
پاس یا بازار مین موجود ہو اور مقدار اور صفت وغیرہ ممکن ہے تو بیع سلم ہو اگر مبیع بنوانا
باہی تو استصناع ہو اگرچہ مدت طویل ہی ہو اگر مبیع معین ہے نہ بنوایا گیا ہو بلکہ صرف نمونے
وغیرہ پر فیصلہ ہو تو یہ معاہدہ بیع وشرا ہے اور تقاضا لازم مثلاً زید نے بکر سے کہا کہ ہم بندوق
تم سے خریدینگے اور بکر نے بیچنے کا وعدہ کر لیا اب اگر ضروریات بیع کی رعایت اور تفصیل کردی گئی ہو
اور مبیع اور ثمن مفسد سے خالی ہو تو اس معاہدہ کی تکمیل دونو پر لازم ہو اور اگر باہم کسی عوض پر صلح
ہو گئی تو حق ساقط اور عوض عائد ہوگا پس جب منظور ہو کہ مال مرہون یا مغصوب یا غیر مقبوض
یا با اختیار یا غیر معین بیچا جاسے تو بیع انکی جائز نہین اسلئے کہ بیع کا معین کرنا شرط ہے مگر خرید وفروخت کا
معاہدہ صحیح ہو سکتا ہے کہ نہ اسمین کسی اصل شرعی کی مخالفت ہے نہ ایسی معاہدونکی کارروائی
ممکن اور وہ اکثر اسکے شرط متعلقہ بین گذر گئے ہین اکثر ایسا ہوتا ہے کہ بہت مال مطلوب ہو اور اوسکا
ملنا بدون ایک مدت دراز کی ممکن نہین یا ایکبار خرید لینا یا کل قیمت دیدینا اور انتظام وتکرار اسکے
کرنا دشوار ہے خصوصاً سلاطین اور امرا اور بڑے بڑے تاجرونکو ایسے معاہدونکی ہمیشہ ضرورت
رہتی ہے جو لوگ ملکی انتظامات اور تجارتی وسعت اور جنگی ضرورت اور مخارق کی حاجت سے
واقف ہین وہ کبھی ایسے معاہدات کی صحت مین شک نہین کر سکتے اگر اس معاہدے مین تعداد
کل مبیع کی معین نہو بلکہ یون قرار پاسے کہ جبتک زید بیمار ہے ہم تولی شربت انار روز دیا کرو
یا جسقدر اس تقریب مین صرف ہو اس صورت مین ہر روز بیع جدید ہوجایا کریگی اور زید
بطور وعدہ دیانتاً پابند ہو قضاءً مجبور نہین ہو سکتا اور عقد بیع اور معاہدۂ بیع مین یہ فرق ہے
کہ مبیع بعد بیع کے ملک مشتری ہوجاتا ہے قبضہ ملے یا نہ مشتری جسوقت چاہے اسکے ثمن دیکر لے سکتا ہے
بائع اسمین خود تصرف ہو یا نہ اور ان حقوق مین جو بائع کے ذمی پہلے سے تھے یا اب ثابت ہون
اس مبیع کو کچھ تعلق نہین اور اوس سے نفع حرام ہے اور مشتری کو نفع حلال اور معاہدۂ بیع
مین وہ مال نہ مبیع قرار دیا جا نہ بیگانہ مشتری کو اوس سے کچھ تعلق نہ اوسکو مرنے کے بعد ورثا پر
ترکہ ہے اور نہ در صورت قبضہ بائع کی تصرف جائز ہے مسئلہ زید نے ایک چیز بکر سے خریدی

یا مشتری ثمن یا مبیع پر قبضہ پایا پھر بیع فسخ ہوگئی تو جسکا قبضہ ہوا اوسی استعمال میں لانا تو
تصرف تو حلال ہے اور بکر کو جب تک ثمن کے واپس کا حق نہیں آیا سابقہ بیع کی صورت میں تصرف
نہیں کرسکتا اور حق واپسی حاصل ہوکر سابقہ بکر والوفا کی عہد کرے تو دوبارہ اسکا بیت تکمیل کرایا
جائیگی اور صورت مجبوری خواہ مبیع اشتہار کرے یا سابقہ سے دیگر کسی اور قسم کا نقصان ہوا
تھا اور نظیر اسکی بیع سلم ہے جبکہ مسلم الیہ مجبور ہو اقالہ یعنی بیع تام و صحیح ہو جانے کی بعد ایک یا دونوں
درخواست سے برضامندی مبیع و ثمن واپس کرنا جو ثمن دیا تھا اوس سے بیشی کمی نہ ہوگی مگر جبکہ
مبیع ناقص یا کم یا زیادہ ہو جائے ثمن باقی ہو یا نہ ہو مگر مبیع کا بعینہ موجود ہونا ضرور ہے مگر بیع مقایضہ
یعنی اسطرح سے مال کا باقی رہنا کافی نہیں اسلیے کہ دونو طرف مال ہے اگر قیمت بیش و کم ہوگئے
یا مبیع ہلاک ہوا یا قابل رد نہ رہا تو یہ بیع جدید ہے اقالہ نہیں کلیہ جن معاملات میں مالی معاوضہ ہے جیسے
بیع اجارہ مزارعت بیع فضولی کی اجازت و صلح عن مال کرنا معزولی وکیل وقف پنچایت
تقسیم یہ سب معاملے تعلیق و شروط فاسدہ سے فاسد ہو جاتے ہیں اور جنمیں معاوضہ مالی نہیں
بلکہ محض احسان ہے جیسے قرض ہبہ وصیت شرکت مضاربت اقرار یہ شروط اور تعلیقات
فاسدہ سے فاسد نہیں ہوتے (کنز) مسئلہ جب مبیع بک گیا اور قبضہ میں آنے سے پہلے کچھ زیادہ ہوا
مثلا درخت میں پھل آگئے یا جانور کے بچہ پیدا ہوا تو وہ ملک خریدار ہے (ہدایہ) مسئلہ ملک بعد ثبوت کے
اگرچہ مرتفع ہو جائے مگر جسقدر تصرفات کیے وہ باقی رہینگے اور جو منافع اوٹھائے وہ حلال ہونگے جیسے
مبیع مستحق نکلا یا اقالہ کیا گیا تو جو فائدے اس سے حاصل کیے گیے وہ سب حلال ہیں پس جبکہ زید
نے ایک گھوڑا عمر سے خریدا اور چندے اوسپر سوار ہوا پھر بکر کو ہبہ کردیا بکر کے پاس وہ گھوڑا مر گیا
بعد ازاں خالد نے دعوی کیا کہ میں اصلی مالک ہوں اور عمر نے فریب یا لاعلمی سے بیچا تھا اب زید کو
وہ منافع جو حاصل کیے حلال ہیں اور وہ تصرف یعنی ہبہ وغیرہ جائز اور قیمت گھوڑے کی عمر کے ذمہ
عائد ہوگی اور گھوڑا زندہ ہو تو باوجود جواز تصرف وہ گھوڑا مالک کو دلایا جاتا اور عمر سے قیمت
لیجاتی دلالی اور اوسکی اجرت جائز ہے (درمختار) مگر شرط یہ ہے کہ دلال جس سے اجرت لے
اوسکا طرفدار و خیرخواہ ہو اور دونوں سے اجرت لینا یا فریب سے خریدار کیطرف ہوکر در پردہ بائع
کی خیرخواہی کرنا مغالطہ اور ممنوع ہے دلال پر تقاضا ہو سکتا ہے کہ ثمن یا مبیع وصول کرادے

مشتری اگر مبیع واپس کرے تو بایع دلالی پھیر سکتا ہے اور اگر خود لینے والا دلال واپس لے یا بیع کا
وجہ شرعی ہو تو دلالی واپس نہیں ہو سکتی (عقود الدریہ) رشوت خواہ محض ظلم در حق تلفی کے
لیوے یا پانی ہو یا اپنے غلامی اور حمایت حق کے واسطے یا صرف اپنا نفع بدون ضرر غیر مقصود ہو
اور لینے والا خواہ خود ظالم ہے خواہ ایسا دخیل کار جسکو اس معاملہ خاص میں بوجہ اپنے منصب یا عہدہ
کے مداخلت ہو خواہ محض اجنبی یعنی اس امر خاص میں کچھ مداخلت نہیں ہے جیسی دلال وکیل مزدور
پس اظلم کرنے یا الزام کرانے پر رشوت لینا جیسے زید نے عمرو سے رشوت لی کہ بکر کے دعوے میں تجھ
بری کر دونگا یا اپنے آقا کو اسکی ترغیب دلاؤنگا یا ایسی کوئی بات کر دونگا کہ جس سے میرا آقا تو تیری
طرفداری لازم ہو یا تیرے دعوے کو حقیقت یا مدعی کو دروغ گو یقینا آجاوے یا ایسا عہدہ یا کام
جس میں میرے آقا کا نقصان یا کسی دوسرے مستحق کا ضرر ہے دلوا دونگا یا اپنے آقا کے حقوق ادا کرنے
کے مطالبے اور محافظت میں تجھ سے اعراض کرونگا یا ایسے کام میں کسی مقام پر سستی کرونگا
یہ سب امور ممنوع اور رشوت لینے دینے والے دونوں ملعون ہیں اسلیے کہ یہ محض ظلم ہے اور
معین اور مرتکب انکا ظالم ہے اون حقوق کے ادا کرنے پر رشوت لینا جو اسپر اصالۃً یا نیابۃً واجب
الادا ہیں جیسے زید نے عمرو سے رشوت لی کہ تیری تنخواہ یا اجرت یا قیمت یا قرض یا اور حقوق
واجبی جو میرے ذمے ہیں یا ایسے شخص کے ذمے ہیں جسنے مجھکو ان امور کا انتظام اور نگرانی پر معین
اور وکیل کیا ہے دلوا دونگا اس صورت میں عمرو مظلوم اور بری ہے اور زید یا خود ملعون ہے اور
اگر یہ حقوق ایسے شخص کے ذمے ہیں جسنے زید کو اس امر خاص میں مداخلت نہیں دی ہے اور
زید پر اونکا دلوا دینا شرعاً واجب نہیں ہوا ہے تو جو لیا دیا جاویگا وہ اجرت اور حلال ہے کے
ایسے امور میں حق السعی جو اسکے ذمے واجب نہیں جیسے وکالت دلالی سفارت اجرت صحیح
پس یہ اگر فریب اور اثبات باطل اور ظلم کے بنا پر ہے تو اوسکی خبیث اور ممنوع ہونے میں
کیا شک ہے جیسے جان بوجھ کر کسی جھوٹے دعوے کو ثابت کرانے کی کوشش یا کسی ظلم کو

تقویت یا ایسی تدبیرین جس سے کوئی امر شرعی مقصود اور مترتب ہو کرنا مثلا کسی امر کے
اثبات حق کو شک اور ظن غالب ہو کہ خواہ مخواہ مدعا علیہ کاذب و ظالم ہے اور تدبیر صحیح مین کوئی امر
خلاف شرع نکیا ہو ایک شخص وکالت یا دلالی کرے جسمین حیلہ تقریرین اور مقالاند کو مشتمل ہون
اور مستحکم تدبیرین درستی کی ہون تو اس اجرت کو حلال ہونے مین کچھ شبہ نہین اگرچہ باعتبار شیئے
اور واقعہ کے خاص ہو مسئلہ کسی فریق یا گواہ یا وکیل کو اپنے صحیح بیان سے یقین دلانا یا ثابت
کرنے یا مخالفت کا اعتراض اٹھا کے شبہ کو اوٹھانے یا کرنے سے جو عنوان کے بدلنے سے پیدا ہو
تقریر کو الفاظ مفید اور عنوان شایستہ سے ظاہر کرنا جبتک کذب محض نہو جایز ہے اسلیے کہ
اثبات حق مین کوئی شخص ملزم نہین ہوسکتا اور امر حق کبھی بسبب ظاہر و الفاظ باطل اور مشکوک
نظر آتا ہے اوسوقت ایسی الفاظ اور عبارات سے جو اوس حق کو ثابت کرین تقریر کرنا اگر ممنوع
ہو تو بنا وکالت اور جملہ علوم استدلالیہ لغو ہو جائین وقف اسکی تعریف مین فقہا مختلف
ہین امام صاحب کے نزدیک جو مال وقف کیا جاے وہ واقف کی ملک سے نہین نکلتا اور صاحبین کے
نزدیک جناب باری تعالی کے ملک مین آجاتا ہے لیکن بالاتفاق منافع اوس مال کا حق [illegible] واقف
اگر کسی خاص امر خیر کے لیے وقف کرے تو دوسرے کام مین صرف ہون تو نہ عموما خیرات مین صرف ہون اور
وقف خاص مین جب مصارف وقف باقی نرہین تو عام فقرا مستحق ہو جاینگے اور جو اگر متولی وقف
کا فاسق و غیر متدین ہو وقف کا مال کا باقی رکھنا لازم اور اوس سے ایسے منافع جو اصل مال کو
ہلاک نکرین اون لوگونکو جایز ہین جنکے حق مین وقف کیا گیا پس وقف کر جانور دودھ [illegible] اور مال
وقف کے درختونکی پہل پہول خشک لکڑیان بیچکر بحسب وصیت واقف صرف کرنا جایز ہے بلکہ
متولی وقف کو ایسی وقت تک بلا عذر توقف و تساہل کرنا کہ یہ چیزین خراب یا کم قیمت ہو جائین
یا اونکا کوئی خریدار نرہے روا نہین ہے اور وہ اصل مال ہو جو بالکل خراب یا بیکار ہو گیا ہو بیچنا
جایز ہے جیسے سوکھے درخت یا مسجد کی پرانی چٹائی چونا لکڑی اینٹ جبکہ ضرورتین ہون (عالمگیری
عقود الدریہ) اصل مال وقف بضرورت و مصلحت بک سکتا ہے جیسے کسی باغ یا مکان وقف [illegible] کا
منافع اوسکا اوسکی مرمت کو کافی ہے اور نہ بلا مرمت اوسکا باقی رہنا ممکن اسوقت مین ایک
حصہ فروخت کرکے باقی کے حفظ و بقا مین صرف کرنا روا ہے مسئلہ جبکہ مسجد شکستہ ہو اور کوئی اوسکی مرمت

کا متکفل ہو تو اولاً وہ چیزیں جو خارج مسجد ہیں جیسے حجرے وغیرہ اور آخر کو بعض حصہ اوسکا وس میں
میں جو لوسکا تھا اور خشت کر لیے ضروری ہے ان صرف کی جاوین یا جبکہ اونکی قیمت سے مرمت کی جاسکے
مسئلہ ایک شکستہ مسجد کو دوسری شکستہ مسجد مرمت کرنا یا ایک درست مسجد میں دوسری شکستہ
کی چیزیں بوقت حاجت صرف کرنا اسمیں علما مختلف ہیں سنا ہو جناب استاذ مرحوم
کہ اگر ایک شکستہ غیر آباد ہو اور اوسکی حفاظت نہو سکے تو دوسری مسجد آباد میں بوقت حاجت
صرف کرنا بالضرورت و مصلحت بہتر ہے حیلہ عقلاً و نقلاً ثابت ہو اور حیلے اسکی دو صورتیں ہیں
اول ممنوع جبکہ بظاہر بیع کی نیت ہو اور حقیقت میں حق اللہ یا حق العباد کا کچھ خیال نکیا جاوے دوسرا
مشروع جب معاملہ جائز کی سہولت یا وسعت منظور ہو یا حرام سے بچنے کا قصد کیا جاوے یا
یا اضطراب یا ابتلاے عام یا اور کوئی بڑا نفع پایا جاوے اور حیلے دو قسم کے ہوتے ہیں سلے تغیر جنس
جیسے گیہوں اور جو ملا کر بمقابلہ گیہوں یا جو کی بیش و کم بیچنا یا اور دوسرے شہر سے زیور یا چاندی یا سونا منگانا یا
بغرض سقوط خیار یا تقابض البدلین یا بیع سے کسی معتبر کو وکیل کر دیا۔ تجدید عقد جیسے
کا مرتہن کو معاف کر دیا یا بعد بیع اثمار درخت کو ایک مدت تک بطور ہبہ یا اجارہ دیا
مکان رہن رکھکر راہن سے سفت رہنے کی اجازت لے لی یا نہایت مختصر کرایہ مقرر کر لیا
نے جب سو روپیہ بکر سے قرض لیکر ایک اشرفی قیمتی عسدکی دی یا ستر تولہ چاندی اور تیس
جیسی اٹھارہ روپیہ کو بیچکر باہم مقاصہ کر لیا تو یہ معاملہ بلحاظ درعایت ادائے ربوا یا تنقاء وجہ سے
ہیں اور اگر کسی نے اتفاقیہ یا کسی سخت ضرورت علانیہ حرام سے بچنے کے لیے ایسا کیا تو کوئی
نہیں مسئلہ زید نہایت بیمار ہے یا اوسے قرضخواہوں نے تنگ کیا ہے یا مصارف ضروری
سخت تکلیف ہے اور کوئی صورت نہیں مگر ایک مکان رکھتا ہے جسکا بیچنا خواہ نہایت
یا قیمت پوری نہیں ملتی یا اور کوئی شخص بیچ جاور نفاذہ وگرو نہیں رکھتا ایسی اضطرار کی حالت
پہلے مکان رہن رکھا بعد ازاں حق سکونت ہبہ کیا یا پہلے حق سکونت معاف کر دیا بعد ازاں
تو عند اللہ امید عفو ہے ۔ زید کے پاس ہزار کا مال بیع فاسدہ یا ربوا یا رشوت وغیرہ کا
ہے اوسنے ایک ہزار قرض لیکر اس مال سے ادا کر دیا لیس اگر بہ نیت دفع اتہام وطعن ظاہر ہے
ماخوذ ہوگا اور اگر قرضدار رہتا اور کوئی صورت ادا کی ممکن تھی یا کسی امر خیر میں اوسکو لگا

کرنا پڑتا ہو تو اوسی سال سے کچھ نہیں ہے اگر کوئی مسلمان ہوا یا ذمی نے توبہ کی اور اپنا
کہ اس مقدار سے قیمت کم نکرنا یا بکر نے زید سے ایسا معاہدہ کرالیا یا یہ قرار پایا کہ سوا تمہارے اور
کے ہاتھ نہ بیچنگے یا فلان مدت تک یا فلان شہر مین نہ بیچینگے یہ سب شروط فاسد ہین اگر اصل بیع
مین داخل ہین تو بیع فاسد اور اگر بطور وعدہ ہین تو وفا دیانتًا واجب ہے نہ قضاءً مسئلہ ۱۴۷ زید نے
بکر کے ہاتھ بدین شرط مال بیچا کہ بکر اوس سے سو روپیہ ماہانہ یا سالانہ کا مال لیگا یا ہزار روپیہ
کا مال بدفعات لیگا تو اوسکی چند صورتین ہین ۱ یہ شرط داخل عقد ہے ۲ داخل نہین مگر
مال سب ایک قسم کا ہے جسمین حاجت قیمت و پسند جدید کی نہین ۳ مال مختلف اقسام کا ہے جنکی تعیین
و تعیین دشوار ہے اور یہ شرطین جو اوسمین کیگئین دوسرے غرضکی کی گئین یا کسی غرض پر مبنی ہین جیسے ارزانی
قیمت یا معاملہ قرض وغیرہ پس شکل اولین مطلقًا بیع فاسد ہے اور شکل دوم مین اگر غرض

شرط ہو تو وہ عدم جواز کی وجہ ہے شرط ہو تو شرط معلق ہو اور وہ اسباب التحصیل اور شکل سوم
مین بہر حال یہ جائز ہے اسلیے کہ شرط معلق نہ سبب العمل ہے اور امر محال کی تحصیل غیر ممکن اور
وہ سبب امر مشکوک الوجود کا تکلیف ما لا یطاق ہو اور یہ تکلیف مرتفع ہے اگر ایسے معاملہ یون کیا جائے
کہ ادا قیمت و قسم و مقدار مبیع و ثمن معین ہو جائے پھر مشتری مدت معین مین باقساط معینہ
لیا کرے تو حسب معاہدہ بیع مضائقہ نہین مثلاً زید نے عمرو سے ایک کتاب کی ہزار جلد خریدی
جو بالفعل تیار نہین پس بعد تیاری یہ بیع بطور شرط معلق لازم ہوگی ۱۲۹ عادت ہے کہ
مبتذل چیزون مین گھاتا دیتے (بعد تحیض کچھ زیادہ لینا) اور جو اسوال مین دستوری لیا کرتے ہین
پس اگر عاقدین مین مشروط یا عرفاً معلوم مقدار معین ہے تو گویا ایک جز بیع ہوا اور دستوری جز ثمن
ہے یعنی فی روپیہ ایک آنہ دستوری ٹھہری تو حسب زید نے سولہ روپیہ کا مال لیا یہ سمجھا گیا کہ سترہ
کا ثمن قرار پایا تھا اور اگر بشکل قرار پایا نہ دوسرے معمولی قرائن سے معلوم ہے تو اگر بایع نے
برضا و یا بطور افزونی مبیع و کمی ثمن جائز ہے ورنہ جبر و ظلم ہے مگر بدون شرط ایسی گفتگو لینا
سوال یا شائبہ ظلم سے خالی نہین لیکن جبکہ بایع و مشتری مین جھگڑا ہو تو بیع صحیح و لازم ہے
اسلیے کہ بعد ایجاب و قبول کسی نزاع اور شرط کا اثر مرتب نہین ہوتا ۱۳۰ جن چیزون کی ناپ یا
تول یا شمار مین زیادتی باصطلاح عام معروف ہے وہ چیزین اوسی حساب سے لینی چاہیئے مثلاً
خربزہ جسکی پنسیری چھ سیر کی سمجھی جاتی ہے یا آم جسکا سیکڑا ایک سو اٹھائیس یعنی پنجو کا لینا چاہیئے
پنجو کا سمجھا جاتا ہے لیکن جبکہ مقدار افزونی معین نہو جیسے گوشت جو عموماً بہت جھکتا ہوا لیتا ہے
یا ایسی اور چیزین تو بیشک زیادتی کی نسبت مشتری کو دعوی کرنا خواہ ظلم ہے خواہ سوال اور
بایع اگر اپنی رضا سے دے لے تو اوسے اختیار ہے لیکن عالی ہمت محتاط انسان کو کیا ضرور ہے
کہ مقدار قرار داد سے زیادہ لے اور یہ گمان کہ بایع کچھ کم تولتے ہین اسلیے زیادہ لیا جاتا ہے محض
غلط ہے اسلیے کہ اولاً یقین کمی کا کیونکر ہو دوم مقدار کمی کے معلوم نہین ۱۳۱ جانور حرام ہو یا
اوسکی ہڈی اور اوسکا چمڑا اور ذبح کیا گیا ہو تو اوسکا گوشت جسے بیچنا جائز ہے سوا
آدمی اور خنزیر کے ۱۳۲ زید سے گوشت ۲ سیر مثل لیا اور موضع قطع
معین نکیا تو بیع فاسد ہے مگر جبکہ قبل قطع تعیین ہو جائے تو صحیح ہوگی اور بعد قطع از سر نو تعیین

مسئلہ مرابحہ میں مناسب ہے کہ وہی ثمن قرار پائے جس پر مشتری اگر رضامند ہو کوئی دوسری چیز نفع کی زیادہ ہو تو اوسمیں تعیین مقدار کا اختیار ہے ۱۲

میں بیشک غبن یسیر ہے اور اگر مشتری نے ایک تھان خریدا ہو تو اوسنے قیمت معین کر دیا اگر ہر تھان صحیح ہو اسلیے
کہ شی جب ایک قسم کی ہو تی ہے اور کچھ تفاوت نہیں اگر کپڑا لیا اور جانب قطع نہ معین کیا تو
بیع باعتبار عرف صحیح ہو گی اسلیے کہ تھان کے دو کنارے ہوتے ہیں ایک نہایت عمدہ اور دوسرا ادنیٰ
اور عرفاً اسی طرف سے کپڑا اوتارا جاتا ہے پس جانب قطع معلوم ہوئی مسئلہ زید نے تھان یا ایک ٹکڑا
پورا لیکر حساب سے مول لیا اب کنارہ تھان کا بلا قیمت زید کو لینا چاہیے اسلیے کہ عرف یہی ہے کہ تھان
کے کنارہ کی قیمت نہیں ہوتی مگر جس کپڑے میں الیا عرف نہو او نمیں بائع کو نہ دینے اور قیمت زیادہ
لینے کا اختیار ہے مسئلہ باپ اور بعد اوسکے دادا یا وہ شخص جو نابالغ کا ولی قرار دیا جاوے اوسکی
طرف سے خرید و فروخت کر سکتا ہے جبکہ نابالغ کو حاجت ہو یا کھلا نفع ہو اور خود بھی یہ لوگ
یتیم کا مال خرید سکتے ہیں جبکہ غبن فاحش نہو اور اپنا مال بھی یتیم کے لیے خرید سکتے ہیں جبکہ بغیر کی
حاجت یا منفعت ہو البتہ اگر باپ بد چلن اور فاسق ہو تو بخوف اضرار و خیانت نہیں جائز ہے
(عالمگیری) یتیم کے مال اور ذات کی نگرانی اور خیر خواہی اولیا پر لازم اور جملہ مسلمانوں کے لیے
موجب حسنات ہے جب آدمی کسی یتیم کا ولی ہو تو نہایت احتیاط و انصاف و خدا ترسی سے معاملہ کرے
اور اوسکا مال ناحق نہ خود کھائے نہ ضائع ہونے دے مسئلہ جب کوئی چیز مثلی واجب الادا ہو تو قیمت
دینا جائز نہیں مثلاً زید نے عمرو سے ایک سو روپیہ کو یا بعوض دس من گیہوں کے خریدا یا گھی یا شکر
یا غلہ اوسکا غصب کر لیا اب روپیہ یا گیہوں یا گھی یا شکر یا غلہ دینا چاہیے مگر جبکہ وہ شے معدوم ہو جائے
جیسے شکر ممکن نہو تو قیمت پر فیصلہ ہو سکتا ہے مسئلہ زید نے ہندوستان میں ایک کتاب چار روپے کو
بیچی اور روم میں مشتری سے تقاضہ ہوا کہ چار روپے کی قیمت لیلو اب قیمت باعتبار مکان و زمان
بیع واجب ہوگی پس اگر ہندوستان میں چار روپے کا سو ماشہ سونا اوس دن ملتا ہے تو وہی
سو ماشہ ملیگا نہ بیش و کم (شامی) مسئلہ زید نے مال بیچا یہ شرط کی کہ اسکی قیمت کے روپے کے عوض
تم کو فلاں مال ملیگا وہ مال معلوم ہو یا مجہول شرط فاسد ہے اگر داخل عقد ہو اور بعد ختم بیع قیمت قرار
دادہ لازم ہوگی مسئلہ اگر دونوں نے تمسخر اور ہنسی میں بیع کی منعقد نہوگی اور نکاح اور طلاق
اور عتاق ہو جائیگا مسئلہ مدیون ذکو کی مال دائن کو پاس بھیجدیا کہ بقیمت بازار مجھ سے
حساب کر لو اور قیمت دونوں کو معلوم ہے تو بیع جائز ہوگی ورنہ نہ (شامی) مسئلہ ہندی اور

تمسک اور منشی آور اور براءت سلطانی اور دستخط سلاطین کے دفتر میں مرقوم اور خزانہ میں محفوظ سوداگری میں اونکا بیچنا جائز نہیں اسلیے کہ یہ خود مال متقوم نہیں اور اصل روپیہ منشی سے مقبوض نہ ہوا اور وظائف وغیرہ میں کہ بیع حق آیندہ کی کی یعنے اسقدر روپیہ کو دیدو آیندہ سے تم لیا کرو تو یہ حق ابھی خود موجود نہیں وقتاً فوقتاً حادث ہوا جائیگا اور اگر کچھ روپیہ پیشگی اونکو بیچا ہے تو بیع دین سے ہے اور بیع دین کی مدیون کے سوا کسی سے جائز نہیں (شامی) سوال زید نے بکر سے کچھ روپیہ لیکر متولیان وظائف کے سامنے پیش کیا اور سفارش کی کہ آیندہ سے یہ بکر کے دست بدست پاوے اور حاکم نے منظور کرلیا اسصورت میں زید نے جو کچھ بکر سے لیا وہ بطور وعدہ و عطا احسان ہے نہ قیمت بخلاف اسکے کہ زید نے عمر کے ہاتھ ایک تمسک بیچی اور کہا کہ مبیع بکر کے پاس ہے تم اوس سے لیلو اور بکر نے دیا اور عمرو نے اوس سے لیا منظور کرلیا تو یہ بیع صحیح ہوئی مگر اصل مدار زید پر ہے کیونکہ یہاں حق یعنے مبیع موجود و ثابت ہے اور وظائف میں مفقود اور حادث ہے زید نے ہزار کا مال اسطور خریدا کہ فی ماہ دو سو روپیہ کا لیگا اگر کل مال موجود ہے اور شرط اقتضا صلب عقد میں داخل نہیں تو سب مال بک گیا اور شرط کا اثر بیع کی حیثیت سے کچھ نہ پڑیگا اگر مال موجود نہیں تو یہ وعدہ بیع ہے البتہ یہ شرط کہ بائع ضرورتاً قرض نہ لیگا وعدہ محض ہے اور وعدہ کہ اسقدر روپیہ مشتری کا پیشگی رہیگا بحیثیت بیع اتنا صحیح ہے مسئلہ وہ معاملات جنکا اور عدم جواز دونو کی تاویل ہوسکتی ہے اور کسیطرف نص صریح نہ نکلی اور فساد کا خوف نہ اگر ابتلاے عام اور ضرورت شدید ہو تو جواز کی تاویل اولی ہے اسلیے کہ اسصورت میں عموماً مسلمان سے بچینگے اور فعل اونکی اتباع شرع سے متبرک ہوجائیگا اور خلاف شرع امور کا رواج اوٹھ جائیگا اور مخالفت مقام اشتباہ میں اگرچہ احوط ہے مگر حرج اور معاملات کا انسداد اور فسق کا وقوع اوس سے بھی زیادہ مناسب ہے پس پرامیسری نوٹ میں اگرچہ ضرورت ہے مگر لعنت والی ہے اور منافع رہن کی اجازت میں سودخواری کا انسداد اور اشاعت فساد ہے لہذا اجازت نہیں ہوسکتی اور جواز ہنڈی و اجارہ اشجار و معاملات متعلقہ شروط متعلقہ وغیرہ کا نص مخالف ہے نہ کوئی فساد بلکہ ترک انکا مشکل اور معاملات میں مخل اور موجب تضییق ہے لہذا تاویل جواز بہتر ہے اور صاحب منتخب مختار الاختیار نے تصریح کردی ہے کہ معاملا

پیدا کرنا عدم جواز ... معاملات بیع میں ... اور جواز اولیٰ ہے

میں حکم جواز معاملہ اول ہے موافقت ہو واضح ہو کہ کل اموال تاجرانہ تین قسم کے معاملات ہوا
کرتے ہیں جنکی وجہ سے تجارت اور منفعت کی کثرت اور ہر قسم کی آسانی درست حاصل ہے مثلاً
لے اس مال کی قیمت نقد دیجاویگی بلکہ کوئی مال بعوض اسکے لیا جاویگا دوسری قسم مال معلوم
ہو یا نہو یا کوئی کام اسکے عوض کر دینگے دوسرے قیمت بنرخ بازار لیا کرو ہر بار شکی حاجت نہیں
ہے مدت ادائے ثمن بیان کی اور نہ قرائن و عادت سے معلوم ہے سے جبکہ قبل قبض مال بیچ ڈالا
مال کا مسادر مال موجود نہو یا بیان کیا جا چکا ہو ایک یا دو تھان موجود ہیں تعداد نہ کثرت زیادہ لیں ذریعہ
درست ایسا مال مثلا باجہ کا نمونہ یا نشان کارخانہ وغیرہ معین قیمت نہیں ہے گوکہ وہ مال بدون لفافہ
ضمانت وغیرہ سادی قیمت پر لگا کر تا ہے تاکہ نے روانہ کر یا ہے فلان قسم کا مال ہم کو کیسی ہے منگا
عشر ہو گا جو خرید لینگے ہے اگر تم خرید لو تو ہم منگا دین یا تیار کرا دین ہے یہ مال ہے جو ہم اس قیمت پر
خرید لینگے یا اسقدر مال یا نہ خرید اگر خرید لوگے ہم اسقدر مال بیچا کرین گے میں اور اگر ہم نے یہ مال اس
قیمت ہو لو یا فلان وقت ہو پہلے یا ہمارے مال بک جاوے تب تک ما کسی اور کو بیچ نہ دینا کیونکہ اسمین
ہمارا نقصان ہوگا اگر جسے قیمت زیادہ لوگ یا اسکی قیمت کم کر دوگے تو ہم کو نقصان ہوگا یہ خرچ کے
سب معاملات من حیث بیع ناجائز ہیں اسلیے کہ اول میں تسلیم ثمن عقد ثانی پر موقوف ہے اور دوسرے
میں ثمن مجہول اور تیسرے میں مدت ادا غیر معین اور چوتھے میں تصرف قبل قبض اور پانچویں میں بیع
دین بدین اور چھٹے میں بیع یا ثمن غیر معین اور ساتویں میں بیع غیر مقدور ہے آٹھویں میں
بیع غیر مقدور التسلیم ہے اور نویں میں خریداری کا وعدہ ہے اور دسویں میں بیع معلق ہے
اور گیارہویں بارہویں میں الزام ضرر ہے کیونکہ بائع اپنی ملک بیچنے میں بعض امور کا پابند ہوتا ہے
اور مشتری کی ملک ناقص آتی ہے مگر جبکہ یہ معاملات صلب عقد میں داخل نکیے جاویں اور کوئی
اور فساد شرعی ہو جیسا کہ شکل ۲ و ۳ میں ہو اگر اون میں محض جہالت ہو جیسے شکل اول میں یا نقصان
کا اس الزام ضرر ہے جیسا کہ شکل ۱۱ و ۱۲ میں تو وعدہ ہو اور وفا کرنا عند اللہ واجب ہو ورنہ شروط
معلقہ ہو ہے اور قضاء لازم الضرر یزال والمسلمون عند شروطهم جس کے موافق یہ معاہدے کیے تو
پوری کر دے یا نکرے کوئی الزام من حیث بیع نہوگا **تبرعات** یعنی بلا استحقاق
احسانا کسی کو کچھ دینا اسکی دو قسمیں ہیں اول محض احسان و مروت جیسے ہدیہ ہبہ و بخشش عاریت

ان صورتوں میں باعتبار نیت و محل کے ثواب ہے اور لینا دینا انکا عموماً جائز ہے مسلم ہو یا کافر فقیر
ہو یا غنی دوم خیرات اور یہ خواہ ضروری ہو جیسے زکوٰۃ - قربانی - فطرہ - نفقات واجبہ - نذر
کفارہ خواہ غیر ضروری جیسے صدقہ غنی کو انکا لینا نہ چاہیے اور جبتک حالت اضطرار نہ ہو سوال
کرنا حرام ہے انکے احکام مختصراً بیان کرتا ہوں ہبہ جسکو اپنا مال ہمیشہ کر لیے بلا عوض دینا اسمین
قبول شرط ہے اور جبتک قبضہ نہ پائے ملک نہیں آتی واہب کو واپسی ہبہ کا اختیار ہے مگر جبکہ ذی
رحم محرم کو دیا گیا ہو یا مال ہلاک یا زیادہ ہو گیا جیسے مکان گر گیا یا خام پختہ بنوایا گیا یا جس حالمین
موہوب لہ کا ضرر یا موجب عار ہو مناسب وقت تک توقف لازم ہو گا مثلاً زید نے عمر کو ایک
کشتی اور کچھ کپڑے اور برتن ہبہ کیے عمر نے کشتی پر مال لادا اور کپڑا پہنکر کسی مجمع یا بازار میں گیا برتن کسی
تقریب میں خرچ ہو رہے ہیں اب جبتک دوسری کشتی ملے یا عمر بازار سے گھر میں واپس نہ آئے یا تقریب
تمام نہ ہو واپسی نہ ہوگی ہے جبکہ کچھ معاوضہ ہبہ کا دیا گیا ہو تو وہ ہبہ بالعوض کہلائیگا اور بعد معاوضہ کے ایک
قسم کی بیع سمجھی جائیگی مسئلہ زید نے بکر سے شرط کی کہ تو میرا فلاں کام کر دے یا اپنی کسی حق سے درگذر
یا فلاں چیز دیدے تو میں تجھکو یہ مکان ہبہ کر دوں اگر بکر نے شرط پوری کی تو زید پر ہبہ لازم اور واپسی
ممتنع ہے ورنہ نہیں مطلقاً ہبہ کا پھیر لینا جائز اور مکروہ ہے فرمایا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے العائد
فی ہبتہ کالکلب یعود فی قیئہ مسئلہ واہب کو موہوب لہ سے موہوب کا خریدنا مکروہ ہے مگر جبکہ کمال یگانگت و اتحاد کی وجہ سے
موہوب لہ واہب کو دیدے یا واہب بغرض حاجت روائی و اعانت موہوب لہ بنرخ مناسب
مول لے تو حق تعالیٰ سے امید عفو ہے مسئلہ ایسے اقارب و احباب میں جنمیں کمال ربط کی وجہ سے
غیریت نہیں رہتی اور ایک دوسرے کا مال بے تکلف مستعمل کیا کرتا ہے اونمیں نہ سوال ممنوع ہے نہ شئ
موہوبہ کا استعمال مکروہ بلکہ یہ باہمی بے تکلفی اور اجازت اور انبساط کا نتیجہ اور موجب ازدیاد محبت ہے
اور آنحضرت نے اکثر خود ام سلیم سے کھانا وغیرہ طلب فرمایا ہے البتہ جبکہ ایسے لفظ بولے جائیں جو
سوال یا ہبہ پر صاف صاف دلالت کرتے ہوں تو اوسکا حکم دیا جائیگا صدقہ واپس نہیں ہو سکتا
صدقہ ہدیہ و ہبہ اکثر خرچ کرنا اپنے نفس اور عیال اور ازواج پر یہی صدقہ ہے اور موجب اجر عظیم
ہے صدقہ لینا ... سوال جو محتاج کسب پر قادر ہو یا جسکو پاس ایکدن کی قوت موجود ہو
اوسکو سوال حلال نہیں اور سائل جو کچھ مانگ کر جمع کرے وہ مال خبیث ہے (عالمگیری)

عاریت اپنا مال چند دن کے لیے کسی کو قابض کر دینا کہ وہ نفع حاصل کرے پس بہ اجازت
اگر معین یا موقت ہو تو شرط سے زیادہ تصرف نکرے ورنہ غاصب قرار دیا جائیگا اور بصورت کسی نقصان کے
ضامن ہوگا اور معین اور موقت نہوں تو جبتک مالک طلب نکرے استعمال جائز ہے اور دوسرے کو
بھی مستعار دے سکتا ہے اگر وہ شے اختلاف استعمال سے خراب نہو مالک کو ہر وقت اختیار ہے کہ اپنا مال
واپس لے گو موقت میں قبل وقت وعدہ خلافی ہو ہاں جبکہ وہ ایسی ضرورت میں ہو جسکا ذکر ہے
یعنی گر لیا زمین بغرض زراعت لی تھی اور کھیت ابھی تیار نہیں تو حسب حال یا زمین با جرت مثل
وقت حاجت تک مستعیر کے پاس رہیگی مسئلہ زمین موہوب پر باغ لگایا یا مکان بنایا اگر زمین
موقت تھی اور مالک نے قبل وقت واپس طلب کی یا کوئی مدت معین نہ تھی ان صورتوں میں مالک زمین
کو مع باغ یا مکان کے لے لے اور مستعیر کو قیمت حوالہ کرے اسلیے کہ اسنے اوسے مغالطہ دیا مگر یہ کہ مستعیر اپنا
عملہ کھود لینے یا باغ کاٹ لینے پر راضی ہو اور زمین کا کچھ نقصان نہو اور اگر بعد مدت طلب کی تو
ضرورت ہے کہ مستعیر اپنا عملہ لیجائے اگر زمین کا نقصان نہو ورنہ قیمت کٹی ہوئی درختوں یا اکھڑی ہوئے
عملہ کی ملیگی اسلیے کہ مالک پر کچھ الزام نہیں ہے (یہ سب ہدایہ سے ماخوذ ہے) جن چیزوں سے بدون
ہلاک عین نفع نہیں مل سکتا جیسے روپیہ پیسا غلہ انمین عاریت نہیں وصیت میں شرط ہے کہ
۱ موصی حربی نہو ۲ وارث نہو ۳ تہائی مال سے زیادہ وصیت کی نہو تو بعد موت وصی کے بعد
تکفین وادائے دین واجب الادا ہے اگر وصیت تہائی مال سے زیادہ کے اور وارث راضی
ہوگئے یا اور کوئی وارث نہیں تو بیشک بقدر وصیت ملیگا ورنہ وہی تہائی ملیگی احکام سکہ
سکہ ایسا حکم نافذ ہے جسکے ذریعے سے سکوک ایک قیمت معین پر مروج ہوتا ہے پس اگر سکہ بکثرت ثمن
اصلی یعنی چاندی سونا ہے تو اس سکے کے جائز ہونے میں کچھ کلام نہیں اور اگر ثمن حکمی یعنے صرف
سکے کے وجہ سے باصطلاح عام یا بحکم سلطان ثمن قرار پایا ہے تو اوسکی دو قسمیں ہیں اول
مال متقومہ جیسے فلوس و خرمہرہ وغیرہ کہ اگر وہ ثمن نرہین تب بھی قیمت انکی قریب قریب
رہیگی دوم اموال مبتذلہ جو بنفسہ کوئی مال نہیں اور حسب رواج نرہے تو بیعت ثمن بالکل
منعدم سمجھی جاتی ہیں جیسے شامی نوٹ پس سکہ اول یعنے فلوس وغیرہ ثمن صحیح ہیں اور جملہ احکام
ثمن اصلی انپر مرتب ہونگے مگر نہ تقابض البدلین قبل الافتراق شرط نہوگا (عالمگیری ۲ ص)

اگر سکے خرید اور بیع پر قبضہ پانے سے پہلے رواج جاتا رہا تو بیع فسخ ہوگی اسکے کسی عوض مین اسکے
واپس ہون اور رواج گھٹ جائے تو شیخ ابو یوسف کے نزدیک قیمت یوم قبض اور امام محمد کے نزدیک
قیمت آخر یوم رواج واجب ہوگی (قاضیخان) اور اسی پر فتوی ہے (خزانہ) اور امام کے نزدیک
بعینہ ادا کرین (ہدایہ) ہان کچھ نرخ گھٹ جائے تو گذشتہ معاملات مین فرق نہ آئیگا (قاضیخان)
ایک پیسہ سے دو یا تین پیسے نقد بطور تعیین خریدنا جائز ہے (عالمگیری) کیونکہ ایسا کرنے مین وزن کا
لحاظ نہین رہتا اب یہ معدود ہو گئے اور عادت رہا اسی صرف جنسیت باقی رہے پس تفاضل
حلال ہوا بخلاف اثمان اصلی کے کہ انمین سکوکیت سے کوئی اثر نہین ہوتا اور صحیح رہے کہ ہندوستان
مین پیسونکا دو طرح حساب ہوتا ہے گنڈون یا ٹکون یا پیسونکے اعتبار سے مثلاً ایک پیسہ چار کی
یا دو گنڈے یا آٹھ پیسے کے انمین باہم خرید و فروخت مین بیشی کمی جائز ہے اور اختیار ہے کہ روپیہ
کے مقابلہ مین قرضا یا نقدا جسطرح چاہے بیچے سے آنے آدھ آنے یا پاؤ آنے کے اعتبار سے مثلاً ایک پیسہ
ایک آنہ یا ۲ پائی سے بیشی کمی جائز نہین اسلیے کہ یہ حقیقت مین روپیہ کے جز ہین پیسونکا نرخ
ارزان ہو یا گران مگر روپیہ کے سولہ آنے ہمیشہ ہوتے ہین اسلیے آنے کی کوئی تعداد معین نہین کبھی دو
کبھی تین کبھی چار کبھی پانچ کبھی چھ پیسونکا آنہ ہوتا ہے اور اسلیے دو انی چوانی اٹھنی کہتے ہین
نصف و ربع روپیہ نہین کہتے پس جب آنہ بمقابلہ دو آنہ یا ادھار بمقابلہ عدد بیچا تو گویا پندرہ جز
بمقابلہ سولہ جز بیچے گئی اور یہ قرض مین بیشک ممتنع ہے مگر نقدین مین بوجہ نہ ہونے جنسیت حقیقی کے منع
نہین آنہ روپیہ کی جز ہونیکی وجہ سے انکی طرف منسوب ہین نہ پیسون اور اشرفیونکی طرف اور جب وزن مفقود
ہو اور نقد معاملہ کیا جاوے تو یہ سکے اپنی جنس سے متفاضلاً بھی بک سکتے ہین جیسے فلوس سے ظروف
مسی خریدنا اسلیے کہ اب فلوس معدودی ہو گئے وزنی نہین رہے انکی قیمت باعتبار عدد اور ظروف کی
قیمت باعتبار وزن ہوگی لہذا فضل حلال ہے مسئلہ زید نے صراف کو ایک روپیہ دیا اور کہا کہ ہم ۲۰
گنڈے یا ۸۰ ٹکے یا ۸۰ پیسے لینگے یہ معاملہ جائز ہے اوسوقت لے یا دوسرے وقت مسئلہ زید نے
صراف سے روپیہ کی ۷ آنے یا ۱۰ آنے لینے کا اقرار کیا تو یہ معاملہ نقدین مین صحیح ہے اور قرض مین فاسد
واضح رہے کہ بحکم سرکار جو رواج حال ڈبل پیسے ہین پاؤ آنے کے حکم مین داخل ہین اسلیے کہ وہ ہمیشہ پاؤ
آنے کو چلتے ہین بیشی کمی اونکی حسب حکم سرکار ممنوع اور جرم ہے ہان اگر یہ قید اوٹھ جاوے تو اونکا حکم

دوسرے فلوس کا ہو یا اُنکا سکہ قسم دوم تیسرا سوال جب زر شکستہ کی بات ناجائز ہے ہین کیونکہ ہو
سکتا ہے کہ کسی مستحق کو ایسی چیز دیا جاوے جس سے بدون لزوم ضرر وازالہ دو مضرت کے دیانتاً حق ادا ہو سکے
اور ان سکون سے نفع کثیر بطور ضرورت کے ہو سکتا ہو مین قلمرو سے سکہ کہ بے ضرر اصرف کرڈالے ورنہ انقلاب
سلطنت یا منسوخی حکم کا خوف ہے پس اپنے سکون کا ایجاد اور وضع کرنا سلطان وقت کو یا خود کرلیگا
اگرچہ بعد تحکم رعایا کو حق مین ضرور ناجائز ہے لیکن سے اوس شخص کو جسنے اوسے وضع کیا یا جس سے
اشتہا ہوا ہے اور کیسکو حکماً دینا اور بصورت انکار کے رواج مجبور کرنا یا بیت المال اسلامی یا اہل تیم
یا دوسرے امور حسنہ کو اجرا اعانت یا کسی مستحق کی حق مین انکو لیکی لیے جمع کرنا بخوف ظن اضاعت ناجائز ہے
اور مرتکب ضامن آور نوٹ وغیرہ مین زکوة چاندیکی واجب ہے اور تقابض عوضین ساقط اور جس
صورت مین ایسے ناجائز سکے بعینہ واجب الادا ہون اور رواج نرہے قیمت دینا پڑیگی جیسے زید نے اُنکو
کالوٹ قرض لیا یا کسی سودے یا اجرت مین اُسپر عاید ہوا یا اسکے پاس رہن یا امانت رکھی گئی اور
اسنے ضائع کردی یا ادای امانت یا رہن مین تاخیر کی یا ضامن ہوا اور رواج جاتا رہا اب قیمت اوسکی
لینے ایکبار دینی ہوگی نہ وہی شی بعینہ کیونکہ اگر وہی کاغذ جو ایک وقت مین ہزار کا مقابل تھا دلایا جاے
تو مستحق بالکل محروم رہیگا اور مدیون پر نفس الامر مین ہزار واجب تھا اور رواج رہتا تو مدیون کو
روپیہ اور نوٹ کسی مین عذر ہوتا نہ نفع نہ نقصان پس اب بھی اوسکا نقصان نہین ہے اسلیے کہ
مقصود ان سکون مین صرف ثمنیت اصطلاحی ہے اور اسی لیے مستحق اونکے لینے مین عذر نہین کرتا پس
جب رواج جاتا رہا اور سکوکیت مرتفع ہوگئی ثمنیت بھی نرہی اب اگرچہ صورتاً باقی ہین مگر حقیقتاً
ضائع اور ہلاک ہوگئی پس کوئی مستحق کبھی مال بیکار شدہ نہین لیتا جیسے میوہ یا جانور جو سڑ یا مر جاے
قابل استرداد نہین رہتا ہان اگر یہ سکے بطور ذمہ داری نہون جیسے امانت یا مال میراث یا وہ ایسی
مرہون وغیرہ تو وہی سکے بعینہ دیے جائینگے مسئلہ مستحق کے حکم یا رضا سے کہین جمع کر دے یا روانہ کی
یا اپنے قبضہ سے خارج کردی اور قبل از وصول رواج جاتا رہا تو مدیون ذمہ دار نہین بخلاف قسم اول کی
کہ محض رائج اور سکہ ہے سے مقصود نہین بلکہ اصل مین مالیت ہے اور ثمنیت عارضی اور جسطرح اثمان
وسیلہ حصول اموال ہین مال سے بھی مال اور ثمن ملسکتا ہے اب اونکے غیر مروج ہونے مین ایسا نقصان
نہین آسکتا کہ بالکل معدوم سمجھے جائین بلکہ بوجہ مخالفت جنس ہیئتی و کمی کی تمیز مشکل ہے اور کہا ب

نا جائز ہے کہ خرید الاد عین جاتا رہا تو مبیع قبضہ مین آیا ہو یا نہ مبیع باقی اور قیمت سکہ واجب الادا
ہو کی تجارت فلوس و غیرہ کی کیونکہ وہ حقیقۃً مقابل مبیع کے ہین اور نوٹ و غیرہ باعتبار اپنی
قیمت کے ثمن قرار پاتے ہین کاغذات زر اول وہ نوٹ جو تمام ملک فرنگ مین روپیہ کی
طرح ایک معین قیمت پر چلتے ہین اور نہ لینے والا مجبور کیا جاتا ہی یہ مسئلہ ناجائز ہی اور نہ قیمت
کی قیمت سے طلق بلکہ اوسمین فنا ہر تب بیشی و کمی اوسکی روپیوں سے جائز نہین اور اشرفی سے
جائز ہے کیونکہ ان کا حکم بالضرور کسی اصل ثمن کی فرع ہوتے ہین اور نوٹ روپیہ کے نام سے وضع کیا
گیا ہے اور قیمت اسکی روپیہ کے اعتبار سے معین ہے اور اشرفی کا مستحق لینے پر مجبور نہین ہوسکتا
جب ایک شہر کے نوٹ پر دوسرے شہر مین بٹا پڑے پس اگر بٹہ معین ہے تو بعد منہائی بٹہ وہی
قیمت اصل سمجھی جاوینگی اور اگر بٹہ معین نہین بلکہ بائع و مشتری کی رای پر ہے تو یہ مثل تمسک کے
ہے حکم اسکا اسی صفحہ مین مذکور ہوگا دوم وہ نوٹ جو ایسے نہین اور اون کے تبادلہ قیمت مین
سے وثیقہ سے نوٹ اما تو ان دونون قسمون مین بہت تھوڑا فرق ہی اسکے بیچنے رہن رکھنے ہبہ کرنیکو
سرکار سے ممانعت ہو اسلیے کہ اصل روپیہ دینے والیکے یہ غرض ہوتی ہی کہ سود اسکا اسکی اولاد کو
نسلاً بعد نسل ملی اور کسی قسم کا انتقال اختیاری و اضطراری … سوم نوٹ سودی جنکا سود سرکار
سے ملتا ہو اور قیمت کم زیادہ ہوا کرتی ہو اور بدون رجسٹری سرکار بک نہین سکتا سکے نوٹ قسم اول
جبکہ اونکا رواج نہ ہے یہ چارون نوٹ مثل تمسک کی ہین انکا بیچنا ہبہ کرنا رہن رکھنا ممنوع ہے
اگر بیچے کہ مدیون خرید لے اور قیمت مین بیشی و کمی ہو وہان بائع بخوشی عفو کر دے تو مضائقہ نہین آمدنیت
جسقدر روپیہ بطور سود وصول کیا گیا ہو وہ اصل روپیہ مین محسوب کرنا لازم ہے اور زیادہ لینا حرام
اگر مدیون لینے سے انکار کرے تو مالک زر سود اصل مین شمار کرتا جاوے جب پورا ملجاوے پھر نہ لے اور بلا
مدیون سے سود کے نام سے دیتا ہو لینے والیکو مضر نہین مسئلہ زید نے میراث مین عمرو کیطرف سے کاغذات
گا نوٹ سودی پایا اب زید کو اسکے زر روپیہ کا مل لینا جائز ہے اسلیے کہ عمرو نے جو روپیہ بطور سود لیا
نہ وہ عمرو کے ملک مین آیا نہ اصل روپیہ مین محسوب ہوا مسئلہ جو روپیہ سودی نوٹ مین لیا دیا جاتا ہے
وہ سود ہی اصل روپیہ نہین مگر یہ کہ لینے والا یا دینے والا اصل روپیہ کی نیت کرے اور دوسرا اسے
مجبور کرے تو نیت فقط دیانۃً معتبر ہوگی مسئلہ ہر قسم کے نوٹین زکات واجب ہے مگر سودی نوٹین جو زر

اشیا مسعود او معین کیجاتی ہین اگر اصل مالیت بتقصیب نوٹ الیہ عقد صحیح ہو جاتا تو ان اشیا
معین ہوتی مثل سکہ کی طرح ثمن خلقی ہوتی سو سکو تو ان الاصل ہی لیوان دیا اوسکا الا قیمت خرید سے فروختنا
معین مگر زیادہ لینا صحیح ہے اور کمی بطور استسقاط حق با ثبت شرائط ترشتا وغیرہ اور رشوت وغیرہ
کل تحکیات کا یہی قیاس ہے اگرچہ کاغذ کی نوٹ حقیقت مین ایک تمسک یا معاہدہ ہوتا ہو
یا کسی اور چیز پر گشتہ کیا گیا ہے مسئلہ زید نے سو روپیہ کا نوٹ چار اشرفی کو جو ۶۰ روپیہ کی ہوتی ہین
خرید یہ معاملہ نقداً جائز ہی اور قرضاً فاسد اور اگر یہ نوٹ ماعت یا ملت ریگو خرید الو قرض دائقدرہ تو
جائز نہین مسئلہ زید نے [illegible] کا نوٹ دیا ۹۰ آنی کو نقداً بیچا جائز ہے اور قرضاً دیا تو جائز نہین اور
کسندون یا تلون یا پیسون جسطرح چاہے بیچ جائز ہے مسئلہ زید نے ہزار روپیہ کے نوٹ خرید کر
اب روپیہ یا نوٹ فی الفور دینا ضرور نہین ان قیمت مساوی ہے استشاء [illegible] اصلی دو قسمین
ہین [illegible] اجرتی جیسے ریل یا ڈاک کے ٹکٹ یہ ایک رسید ہے جسکا روپیہ ایک جائز اجرت مین لیا گیا بیع و شرا
انکی ہر طرح جائز ہے اسلیے کہ حقیقۃً اجارہ ہے اور صورتاً بیع اور یہ عروض ہین ثمن نہین پس انمین
زکات بدون نیت تجارت کی جائز نہین بخلاف نوٹ کے لیکن جب کوئی مانع قوتی پیش آئی یا یہ ٹکٹ
قبل از حصول منافع معینہ بیکار ہو جائین تو بیع انکو صرف محکمہ ریل و ڈاک مین جائز ہوگی اسلیے کہ
وہ فی الحقیقت فسخ اجارہ ہے سوای اوس شخص کے جسنے زر اجرت لیا ہو دوسرے متوسطین اوسکو
ذمہ دار نہین ہو سکتے اور یہ شرط کہ اگر اتنی مدت مین نفع حاصل نکیا جاوے تو کچھ حق نرہیگا اگر بصراحت بیان
کی گئی تو صحیح ہے ورنہ لغو ہوگی کیونکہ حق انتفاع قطعی اور منصوص ہے اور شرطاً اسقاط صرف
ذہنی البتہ وہ لوگ جو ایسی قوانین سے خوب واقف ہین پابند ہونگے کیونکہ سوای شریعت اسلامی
دوسرے حکام کے قوانین عام اور قوی النفاذ نہین بلکہ ریا زیادہ نفع اوٹھانا انسے حرام ہے جیسے ٹکٹ
ریل کے ذریعے سے دوبارہ سوار ہوتا یا کسی فریب سے حد معینہ سے آگے نکل جانا یا اعلی درجے مین بیٹھ
جانا یا بوجھ اجازت سے زیادہ ہمراہ لیجانا یا ٹکٹ کسی فریب سے بگڑا استعمال کرنا یا وہ چیز جسکو ممانعت
ڈاک کی قانونین سے بھیجنا یا جسکا محصول گران ہے اوسکو کم محصول والی چیز مین مخفی کردینا
جبتک ثابت نکر دیا جاے کہ ان ٹکٹون سے ہرگز نفع نہین اوٹھایا گیا اور یہ کہ اب بحسب [illegible] آئندہ
معینہ واجب الرد ہین اوسوقت تک تردید قیمت لازم نہین ہے دوم استشاء [illegible]

حکام جنکا کوئی معتبر معاوضہ نہین دیا جاتا ہے انکی بضرورت و مجبوری جائز ہے نہ تجارۃً اور
حقیقت مین یہ مال نہین مسئلہ مختار الافتیار مین بعض کا قول یہی نقل کیا ہے کہ اگر مدعا علیہ
سرکشی و شرارت سے دار القضا مین حاضر نہین ہوتا یا دین جو اوسکی ذمہ ثابت ہے ادا نہین کرتا تو
قاضی پیادہ و نفس کا ریہ آرسی کرالا اور خرچ اوس سرکش سے لے اس سے مفہوم ہوتا ہے کہ مدعی
کو خرچہ اسباب مدعا علیہ سے لینا جائز ہے اگرچہ حکام کی نسبت جواز شرعی ثابت نہ ہو مگر لیکن
دعوی ایسی ظاہر بنا پر ہو جس سے مدعی کے صدق اور مدعا علیہ کے ظلم پر ظن غالب ہو جائے جیسے
تمسک جسٹری شدہ یا مدعا علیہ کی طرز تقریر وغیرہ سے کہ مدعا علیہ نے بدون کسی معقول عذر کے
اداے حق سے انکار کیا ہو اسوقت تمرد و شرارت مدعا علیہ کے معلوم ہو جائیگی کیونکہ وہ یقین کر سکتا ہے
کہ ایسے صورتون مین مدعی ضرور اپنا حق بذریعہ حکام وصول کریگا اور حسب قانون سرکار اوسے اسقدر
خرچ کا بوجہ متحمل ہونا پڑیگا پس یہ خود باعث نقصان ہوا اسکے نظائر مسائل غرور وغیرہ سے نکل سکتے
ہین لیکن وہی مصارف لینا جائز ہے جنپر بناے دعوی موقوف ہے نہ مصارف زائد جیسے بعض نقول
وغیرہ جو صرف تائید وکلا یا استنباط دلائل کے لیے ہوتے ہین اور احتراز اس سے محتاط ہے واللہ اعلم
ہنڈی و منی آرڈر ہنڈی ایک سند ہے کہ تاجر کسی شخص سے روپیہ لیکر لکھدے کہ یہ روپیہ فلان
تاریخ فلان شہر مین فلان شخص کو بمعاوضہ اس سند کے اتنی اجرت پر دیا جائیگا اور منی آرڈر کا بھی یہی
منشا ہے مگر یہ حکام کیطرف سے ہوتا ہے انکی جواز اور امتناع مین بہت تاویلین ہین اور اقوال مختلف
اکابر سے اسمین کوئی روایت نہین اسلیے کہ کراہت سفتجہ کتب فقہ مین منقول ہے اور ہنڈی
دوسری شے ہے پس قیاس ہنڈی کا سفتجی پر صحیح نہین ہو سکتا پس ضرور ہے کہ بنظر وسعت معاملات
و کثرت منافع و حفظ اموال و امن و راحت تمام و ابتلاے عام تاویلات جواز پر زیادہ توجہ
کیجائے کیونکہ مشترکین قرضیہ اور مساوی مین وجہ ترجیح ضرور ہے اور قرضیہ جواز معاملہ اہل اسلام ہے
اور نتیجہ امن و راحت عام ہے کیا ضرور ہے کہ امانت یا بیع قرار دیکر ممنوع کردین بلکہ وہ
خواہ قرض ہے کہ دائن نے روپیہ دیکر مدیون سے اوسکے گماشتہ کے نام جو مثلاً کانپور مین ہے حوالہ کرالیا
یا یہ کہ جہان تم یا تمہارے گماشتہ ہون ہمکو روپیہ دلانیکا اقتدار ہے اب یہ قرض جر نفع نہوا کیونکہ
مدیون سے کسی مقام پر روپیہ دلانا یا کسی شخص کے نام دلانیکو لکھنا جائز ہے اور فی الحقیقت

ششم ہنڈی و منی آرڈر کسی متاع کو مسافت خاص یا غیر یا یک جہان اور مکان گماشتے ہو اور روپیہ لے سکتا ہے
اور جو کچھ دیا جاتا ہو وہ اس کا نفع اور خرچ کا معاوضہ جو مہاجن سے لیا جاتا ہو خواہ اجرت ہو
اس میں جو شبہ ہو سکتا ہے وہ تین ہیں اول یہ کہ شرط اول اجیر پر لازم کہ ادا کر دے روپیہ بعینہ پہنچا دے
جواب یہ یقین نہیں ہو سکتا کہ وہی روپیہ پہنچ یا لیا ہے یہ شرط فاسد ہے اجارہ میں بلکہ اجیر پر
لازم ہے پس اسکی مخالفت میں اجیر ملزم ہوگا شبہ دوم اجیر پر ضمان نہیں جواب یہ مسئلہ مختلف
فیہ ہے مگر اجارہ ہی نہیں ہاں مستاجر کو ایسا ہی کرنا چاہیے اگر بعد ہی نقد وغیرہ ضمان ہو سکے
تو کیا مضائقہ ہے شبہ سوم ہنڈی کا روپیہ تاریخ ادا سے قبل بعد وزن سود انہیں دیا جاتا ہے جواب اس
میں تفصیل ہے ظاہر ہے قبل از وقت مستاجر کو کوئی حق نہیں اب اگر طلب کیا تو سوال بعد ہوا
اور یہ روپیہ بطور اطمینان مستغرق رہا اور سود کی شرط اس معاملت سے متعلق نہیں غرضکہ یہ سب شروط
فاسدہ نہ اصل عقد میں داخل ہیں نہ مضر ہیں جسطرح وکیل اور مضارب اگر خود ضامن نہیں بنائے
جائیں تو ضمانت باطل ہو گی وکالت اور مضاربت میں خلل نہ پڑیگا (ہدایہ) آٹھ نوع ہنڈی اجرت
ہو سکتی ہے اور جو کچھ دیا جاتا ہو وہ خواہ اجرت تحریر یا محل وغیرہ ہے لیکن اسکا پیشہ کرنا ایسی لغو شروط سے
مخفی ہے اگر بدون اجرت یہ کام کیا جاوے تو موجب انتفاع عام ہو گا پھر اسکی چند شکلیں ہیں ایک یہ کہ
روپیہ جمع کیا ہے بشرط کہ فلاں تاریخ دیا جاوے اس سند کو دیکھتے ہی دیا جاوے یہ کہ مہاجن مجکو روپیہ
دیدے اور وہ روپیہ مع سود جسقدر بذریعہ ہمارے رقعہ کر فلاں شخص سے فلاں شہر میں فلاں تاریخ تک وصول
کر لے اسمیں اگر مکتوب الیہ نے قبول کیا تو جسقدر زیادہ دن گذرینگے سود ماہوار بڑھتا ہے اور بعد مدت واپس
لیا اور وہی سود جو اول لیا گیا کافی ہے سوم یہ کہ کسی شخص کے نام بقید تاریخ رقعہ لکھکر حوالہ مہاجن کر دیا
مہاجن بشرط وصول کاتب کو روپیہ دیگا ورنہ رقعہ واپس کر دیگا یہ سوا شکل سوم کی جسمیں قرض
بشرط ربا ہے باقی سب صورتیں جائز ہیں اور جو دیا جاتا ہے سود نہیں ہے اجرت تحریر وغیرہ کے طور پر دینا
پڑتا ہے کتاب الدیون اسکی پانچ قسمیں ہیں اول وہ جو کسی مال یا فعل کے عوض میں لازم ہو جیسے
ثمن مبیع یا کرایہ یا اجرت یا ضمان متلفات دوم وہ جو صرف اقرار یا جزای فعل سے ہو جیسے دیت ارش
جنایت ضمانت وغیرہ سوم جو احسانًا قرض دیا جاوے اسمیں قرضخواہ ہر وقت تقاضا کر سکتا ہے بخلاف اور
قرضوں کے اور انمیں بے مدت گذرے حق طلب نہیں ہے رہن جو کسی حق کی اطمینان کیلیے مدیون اپنا مال گرو کرے

فے حق المتصرف مذہب مختار ہے - ذکرہ قہستانی وغیرہ پس قرض اگر کل ہو دو شریکوں کا مال میں جو ذکر ہوا شریک
اختیار ہے کہ چاہے تو کوئی اسباب نذر یا مال یا اس کو دینے کا وعدہ کرے اور باقی حصہ کو نہیں ہے صرف احسان
مدیون اور کفیل اور مدعی ہی مستعار ہے جس قرض جائز ہے کیونکہ دوسرے اعیان کا معاوضہ کافی ممکن نہیں
اور تیسری میں بھی جبکہ قرضہ کا بیع یا ہبہ کرنا جائز نہیں مگر اوسی مدیون کو ہاتھ بیچنا اور ہبہ کرنا اور قرضہ کا
مقاصہ کر لینا جائز ہے مسئلہ زید کو سو روپیہ عمر کے ذمی ہیں اور عمر کو پانچ اشرفیاں زید پر ہیں تو جائز
ہے کہ باہم بطور بیع و شراکے معاوضہ کر لیا جاوے اور اگر مال عمر کا زیادہ قرار دیا جاوے تو بقدر زیادتی زید
کے ذمی باقی رہیگا یا صرف زید قرضدار تھا اب عمر و زید سے کچھ وصول لیا یا کام کرایا اور دینا قرض اوسمیں
محسوب کر دیا جائز ہے اسلیے کہ بیع قرضکی مدیون سے صحیح ہے (شامی) لیکن شخص ثالث کے ذمی محسوب
مثلا زید نے عمر سے ایک شے خریدی اور کہا کہ بکر میرا قرضدار ہے میں اسقدر روپیہ تیرے اس قرضہ میں ادا کرتا
ہوں اب عمر و بکر دونو راضی ہو جائیں تب بھی زید بری اور عمر مدیون نہ متصور ہوگا ہاں حوالہ
یا ضمانت جائز ہے (عالمگیری) ادا یہی ہو دو شریک ہیں جنکا کچھ مال موجود ہے اور کچھ قرضداروں کے
ذمی اب ایک شخص قرضہ لے اور دوسرا شخص مال موجود لیوے جائز نہیں قرضکے ذریعہ سے کوئی
نفع سود وغیرہ یا ماخوذ کرنا جائز نہیں آستفاطہ قرض جائز ہے کل ہو یا جز قرضدار کو ایسی چیز جو اوسکی قرض
کے مثل ہے اگر لیجاوے اور وقت ادا کیا ہو تو اوس چیز کو عوض میں بھی لینا جائز ہے (قاضیخان) قرضخواہ
جب قرض پر قبضہ کرے پھر قرضخواہ کا دعوی ہی قرض پر نہیں رہتا مثلا اگر گیہوں قرض لیکر قبضہ کر لیا
اب قرضخواہ کو حق نہیں کہ وہ گیہوں اوس ملکے مدیون یا بالا اوس مقدار کا قرضدار ہے (عالمگیری) انتقال ہو قرضخواہ پیسا کہ
پیسے اوس کے پاس چھوڑ دیا تاکہ تھوڑا تھوڑا لیا کرے جائز نہیں ہاں سب یکمشت وصول کر کے امانت رکھوا دے تو مضائقہ
نہیں پھر قرضکی تین قسمیں ہیں استحقاق بعین شئے جیسے زید نے عمر کے پاس ایک باغ رہن رکھا
یا مکان ایک سال کے لیے کرایہ پر دیا اب عمر کو حق ہے کہ اولا اوسی چیز سے اپنا حق وصول کرے
تب مالک کو حق تصرف ہوگا چنانچہ تجہیز و تکفین پر بھی مقدم ہے دوسرے وہ جو صرف مدیون کے
ذمہ ثابت ہیں کسی جائداد سے متعلق نہیں تو اگر مدیون مرگیا اور بحالت صحت ان قرضوں کا
اقرار قاضی کے سامنے کر چکا ہو یا شاہد عادل موجود ہیں یا معائنہ سے ثابت ہوتا ہو تو دین
صحت ہو اور بلا عذر مدیون کے مال سے واجب الادا ہے دوسرے صرف میت کے اقرار ہی سے ثابت ہو

اور ایسی مرض میت جسمین وہ مرا تو یہ بیت مرض ہے اور میت صحیح سے سو قرض ادا ہو قرض مال مدیون
سے لازم ہو اگر میت مفلس ہے تو شاید ادا کرنا لازم نہیں اور اگر ادا کرے تو میت سے ساقط ہو
متعلق نہیں ہر حال ادا کرنا ہین اسپر مغفور ہو اور ادا کرے تو ایسے مال حلال شرط نہیں ... قبول ہے
کیا تا ضرور ہے مثلاً اگر زید نے بکر سے دو سو روپیہ قرض لیے اور کسی مال حرام سے ادا کرے تو قرض ادا ہو گیا
اور بکر کو معلوم ہو تو لینا نچاہیے اور یہ فعل فعال ان گناہ نہیں اسلیے کہ کسی مسلمان کو مال حرام دینا
ایک قسم کا ... ہے کیونکہ اگر وہ دیتا تو ضرور اوسکا ... کرتا مسئلہ زید مسلم کے سو روپیہ عمر غیر مسلم اور بکر
ہندو دونو پر قرض ہین پہر عمر و بکر سو روپیہ لائے جسمین سے پچاس روپیہ سود اور رشوت وغیرہ کو
جمع کیا تہا اور پچاس شراب کی قیمت سو اس صورت مین اگر عمر مسلم اس روپیہ سے زید کا قرض ادا کریگا
تو زید کو جان بوجھ کر لینا جائز نہوگا اور لیا تو عمر بری ہو جائیگا اور اگر بکر ہندو ادا کرے تو وہ پچاس جو
شراب کی قیمت سے تہے لینا جائز ہے اسلیے کہ یہ اونکی حق مین جائز اور مالک ہین اور دوسرے پچاس کا جو رشوت
سے ہو لینا حرام ہے اسلیے کہ اسمین مالک ہی نہین ہوا۔ رہن یہ قرض کی چوتہی قسم ہے جسمین مدیون
اپنا مال دائن کے اطمینان کیلئے اوسکی حوالہ کر دیتا ہے اسمین ایجاب وقبول اور مرتہن کا قبضہ کامل
شرط ہے پس ایسی چیز جو راہن کی تعلق سے علحدہ ہو کر مرتہن کی قبضے مین نہ آسکے رہن نہو سکیگی جیسے نصف
مکان یا شاخ درخت وغیرہ اور جسکا بیچنا منع ہو اوسکا رہن رکہنا بہی منع ہے (عالمگیری) رہن اگر
ضایع کیا گیا تو قیمت دینا پڑیگی اور اگر خود ضایع ہوا پس اگر قرض کے برابر ہے یا زیادہ یا مقدار قیمت
معلوم نہین تو قرض کا معاوضہ ہو گیا اور اگر قرض سے کم ہے تو بقدر کمی کے قرض باقی رہا کیونکہ مرہون
بقدر زیادتی امانت اور بقدر قرض مضمون ہوتا ہے مرتہن اگر فک رہن کا دعوی کرے تو پہلے مرہون
کو حاضر کرے کیونکہ تعیین مدت از جانب راہن معتبر ہے تاکہ ادای زر کی قوت حاصل کرے بخلاف مرتہن
کے کہ اوسے ہر وقت واپسی پر قدرت ہے رہن مین کسی قسم کا تصرف (خواہ وہ کسی قسم کا ہو) راہن یا مرتہن کی طرف سے جائز نہین
پس اجارہ یا اعارہ اور بیع اور رہن وغیرہ رہن کا بدون اجازت فریقین ناروا ہے کیونکہ یہ تصرفات
از جانب راہن قبضہ مرتہن کو مانع ہین اور از جانب مرتہن ملک راہن کو منافی مسئلہ زید نے عمرو
کے پاس کچھ رہن رکھا عمرو نے بکر کے پاس اور بکر نے خالد کے پاس ایک مکان رہن رکہا پس اب وہ مکان گر پڑا یا
گرا دیا گیا تو زید کو حق ہے کہ خواہ عمرو خواہ قابض سے اوسکی قیمت وصول کرے کیونکہ یہ سب اس تصرف

میں غاصب اور خائن ہو کیونکہ عمرو مفقود الخبر ایا لا وارث مر ایا زندہ ہو مگر شرارت سے سماعت
نہیں کرتا زید کو حق ہے کہ زر رہن ادا کر کے وہ مکان خالد قابض سے لے لے یا کسی اور قسم کا تعرض
کرے لیکن اگر خالد کا قرض اوس مکان پر بہ نسبت قرض عمرو زیادہ ہو تب بھی خالد کو بمقابلہ زید شفعہ نہیں
ہو سکتا اپنا دعویٰ بکر سے کرے کیونکہ عمر غاصب اور خالد شی مستحق کا قابض ہے اور یہی حکم ہے شے
مستعار کا زید نے ایک گھوڑا عمر کے پاس رہن رکھا اور شرط ہو گئی کہ بکر وکیل بیع ہو یا بعد اتمام عقد زید نے
بکر کو وکیل کیا تو شکل اولیٰ میں بالاتفاق اور ثانی میں باختلاف زید کو حق نہیں ہے کہ بکر کو وکالت سے
معزول کرسکے (ہدایہ) منافع مرہون راہن کے مملوک اور مرتہن کے پاس امانتاً محبوس رہتے ہیں
اسباب میں کہ یہ منافع مرتہن کو حلال ہے یا نہیں بڑا اختلاف ہے مگر مذہب مختار بلکہ امر حق وہی ہے جو
جناب استاذی و مولائی کنز الافاضل فخر الاکابر ابو الحسنات مولوی محمد عبد الحی عمم فیضہ الخفی والجلی نے
اپنے رسالہ فلک المشحون فیما یتعلق بانتفاع المرتہن بالمرہون میں بدلائل واضحہ تحقیق فرمایا ہے کہ نفع
مملوک راہن ہے پس اگر راہن نے بعد تکمیل عقد و قبضہ کامل بخوشی اجازت دی تو بطریق تبرع اوس کا
جائز ہے اور اگر اجازت مقصود رہن یا داخل عقد ہو تو کھلا کھلا سود ہے اور بے اجازت خیانت اور
غصب ہے اور یہ بھی فرمایا کہ بحسب عادت و عرف زمانہ موجودہ اسکی قطعی ممانعت لازم ہے کیونکہ
منہ سے جو چاہیں کہیں لیکن دلمیں رہنکو موجب نفع اور تجارت اور تدبیر معاش اور منافع کو
معاوضہ دین تصور کرتے ہیں واللہ یعلم بما فی الضمائر اگر سو میں دو ایک نیک نیت ہوں تو بھی عام
فتوی نہیں ہو سکتا پس اگر راہن نے مرتہن کو اجازت دی تو اوسے اختیار باقی ہے کہ جب چاہے
رجوع کرے اور کوئی اثر اس سے عقد رہن پر نہیں پڑ سکتا ہاں وہ مصارف جو مرتہن نے بغرض
نفع رہن کئے ہیں راہن سے لیسکتا ہے مثلاً زید نے باغ عمرو کے پاس رہن کر کے منافع اوسکا عمرو کو
کر دیا عمرو نے جو کچھ اوسکی پرورش اور عمدگی میں صرف کیا ہے وہ زید سے لیسکتا ہے اگر زید نے قبل از حصول
نفع رجوع کی یا رہن چھڑا کر اپنے قبضے میں لایا اور مرتہن کو نفع لینے سے روکا ورنہ مصا
مرہون کے مصارف دو قسم کے ہیں ایک وہ جو مرہون کی بقا و اصلاح سے متعلق ہیں جیسے دانا
گھاس - نوکر - باغبان - سائیس - سینچنا - بوتا - مکان کی درستی وغیرہ دوسرے جو حفاظت اور واپسی
سے متعلق ہیں جیسے کرایہ مکان و دوا وغیرہ پس مصارف اول راہن کے ذمے ہیں اور قسم دوم

خرچ راہن کے ذمہ اور امام ابو یوسف کے نزدیک لگان کی بابت راہن کے ذمہ ہے اور اس لیے اس کا قیمت رہن ہونا چاہیے
لیا جاتا ہے پیداوار [illegible] اسکی حفاظت [illegible] اور انکا کل خرچ بھی راہن کے ذمہ ہو
[illegible] اور مرتہن کے اوپر ہے کہ خود رہن کی حفاظت کرے یا اپنے متعلقین یا عیال کے پاس رکھوائے
خرچ [illegible] اس کی کا ذمہ دار ہوگا اور جب راہن مرتہن کو نفع حلال کر دے تو کل مصارف ذمہ
مرتہن ہوں گے لیکن اگر راہن اور اسکے مصارف سے انکار کرے یا غائب ہو تو حصول اجازت تک
[illegible] قاضی [illegible] مرتہن بقضاء قاضی ضروری خرچ کرکے راہن سے وصول
[illegible] قاضی [illegible] مرتہن اپنے پاس سے [illegible] کر سکتا ہے ہر چند یہ حقوق مختلف فیہ ہیں [illegible] قاضی
[illegible] میں مگر ایسی حالت میں مرتہن اپنے حقوق کی حفاظت میں مضطر ہے اور مثل [illegible]
[illegible] مستقل و مختار اور راہن [illegible] اسکی ہدایہ صفحہ ۵۰۰ [illegible] آخر باب تصرف و جنایت مرہون
میں امام صاحب کا مذہب منقول ہے اسی طرح منافع اوسکی اگر [illegible] ہوں
[illegible] مرتہن بطور فضولی بیچ ہو سکتا ہے [illegible] منافع رہن [illegible] بعوض رہن باقی [illegible]
[illegible] محبوس رہیں البتہ منافع منقولہ [illegible] ذمہ [illegible] مختار [illegible] مکانکو
کرایہ پر چلانا کھیت یا باغ کی درستی وغیرہ اور اگر [illegible] اور مرتہن اپنی رائے سے کچھ خرچ کرے [illegible]
راہن سے نہیں پا سکتا اور وہ منافع جو باقی رہ سکتے ہیں جیسے جانور کے بچے [illegible] تو بیع صحیح نہیں مسئلہ
[illegible] ایک مکان یا ایک گاؤں [illegible] روپیہ کو رہن رکھی اور کرایہ یا دودھ اوسکا تین روپیہ ماہوار ہے اور
مصارف ایک روپیہ ماہوار ہے مکان یا گاؤں [illegible] چھوٹ جائیگا اسلیے کہ اصل زر رہن [illegible] اور خرچ
[illegible] اور کل آمدنی [illegible] اب کچھ مرتہن کا باقی نہ رہا مسئلہ راہن کو مرتہن سے اور مرتہن کو راہن سے مرہون
بطور کرایہ لینا جائز نہیں (عقود الدریہ) اسلیے کہ راہن نے اگر لیا تو قبضہ مرتہن ختم ہوا اور مرتہن نے
لیا تو قبضہ باستحقاق رہن [illegible] مالک [illegible] مرتہن اپنے روپیہ یا قبضہ کا دعوی کر سکتا ہے مرہون
[illegible] حق نہیں [illegible] اگر [illegible] تو بیع ہو جائیگی باطل ہے عقود الدریہ
مرتہن نے با اجازت راہن مرہونکو عاریت دیا اب مرتہن ضامن نہ رہا اور اگر راہن کے اذن سے بیچا یا کرایہ
دیا تو رہن باطل ہو گیا (ہدایہ) مسئلہ جائداد [illegible] مکان یا باغ رہن [illegible] اور کچھ [illegible]
اور [illegible] مرتہن کے قبضہ میں نہیں [illegible] جیسے قرض ہے اور رہن باطل ہے [illegible]

کتاب الاجارات

یعنی بیع منافع پس وہ اجارہ جسمین اصل شی معقود علیہ ملک ہو جاتی جائز نہیں مثلاً ایک باغ
اجارہ پر لیا کہ اتنی مدت میں جسقدر لکڑی خشک ہو یا پھل پیدا ہو وہ میرا ہو یا بکری گائے کا دودھ پینے
کے لیے اجارہ پر لینا درست نہیں۔ ایسی معاملات میں اگرچہ ابتداً معقود علیہ کے معلوم ہونے تسلیم نہیں کیا گیا
بیع کی اور شرطوں سے بھی مخالفت ہے بیع کا حکم دیا جائیگا اور اسی سبب کے اس ہونے شرطیں ہیں
لیکن اول جبکہ اجارہ میں اصل شی معلوم نہیں ہوتی تو عقل یا منافع مال اسکا قائم مقام کیا گیا (ہدایہ)
جیسے مکان کرایہ لیا اصل مکان پر کوئی حق نہیں کرایہ دار صرف نفع سکونت وغیرہ کا اٹھاتا یا کسی کو ذکر کر کے کام لینے کا
اختیار رہے وانہ لازم ہے اختیار نہیں اور ایسی ہی ضرور ہے کہ منافع مال متقوم و مفید بھی ہوں پس جو منافع
شرعاً حرام ہیں جیسے اجرت زنا و رقص وغیرہ یا جو منافع عبث و لاحاصل جیسے درخت خاص کپڑا خشک کرنے کو
یا بعض ظروف چاندی سونے کے یا شیشہ آلات وغیرہ صرف دکان کی زینت کے لیے کرایہ لینا یا جسکا نفع
بدون ہلاک عین نہ ملے جیسے درہم دینار ہیں ناجائز ہیں دوم منافع غیر محدود ہوتے ہیں جیسے مکان کہ نفع
سکونت برابر جاری ہوا کرتے ہیں اور بیع مجہول فاسد ہے لہذا استحقاق کے بعض متعلقات کے تعیین سے
منافع کی تعیین کیجاتی ہے (ہدایہ) جسطرح بیع ظرف وغیرہ سے معین ہوتا ہے مثلاً یہ گھوڑا الہ وقت ایک روز
کے دو کوس یا دو دن کے لیے یا یہ زمین بعوض دس روپیہ کے ایکسال کے لیے یا یہ کپڑا اگر رنگریز کو دیا
تو دو آنہ اور سرخ ہونا چاہیے غرض کسی قسم کے تعیین سے رفع جہالت معقود علیہ شرط ہے ورنہ اجارہ فاسد
ہوگا (ہدایہ) جب کوئی زمین یا جانور اجارہ پر لے تو اون امور کی تصریح ہونا چاہیے جو اس اجارے سے
مقصود اور متعلق ہیں جیسے اس گھوڑے پر دو آدمی سوار ہونگے یا فلاں چیز اسقدر لادی جائیگی اور فلاں
مقام تک فلاں راہ سے فلاں وقت لیجائینگے یا اس زمین میں فلاں چیز بوئی جائیگی یا فلاں قسم کے
آدمی بسائے جائینگے۔ اور اگر بعض متعلقات کی تصریح نہ کی اور معقود علیہ ہلاک یا ناقص ہوا تو اسکی تین صورتیں ہیں

اور ایسی صورت میں اجارہ فسخ کرنے کی ضرورت نہیں بالکل خلاف ورزی شکل اول ہے جیسے
کوئی گھوڑا کرایہ پر لیا اور اس مقام پر جانا تھا لیکن غلط راستہ کا نام بتلا دیا تھا اور
[illegible] اگر غلط راستہ گیا اور جو کچھ اس میں تلف ہوگیا یا بیل یا گائے ہلاک ہو گیا یا عرف عام کے خلاف جو کچھ ہو گیا
[illegible] اور یہ جو کچھ وہاں کرتا ہو اور جو کچھ تلف ہو گیا اس کا ضامن ہے العرف
کالشرط ۹ شکل دوم جبکہ بغیر [illegible] جیسے اس صورت میں ۲ من غلہ لادا یا
اور ایسی چیز جو مثل غلہ کے ہو لادی اور مثلاً [illegible] کا نقصان ہوا کرایہ دار [illegible] ہوا
[illegible] شکل سوم میں بصورت نقصان [illegible] نقصان اور بصورت عدم نقصان [illegible]
[illegible] اس کی غیر جنس [illegible] جیسے [illegible] لادا یا [illegible] اگیا یا ۱۰۰ من کا کر دیا
[illegible] شکل [illegible] میں [illegible] اجیر [illegible] اور خرچ کا اجر [illegible] ذات اور
[illegible] ہو اور [illegible] مثلاً [illegible] اجرت [illegible]
[illegible] کی اجرت [illegible] اختیار نہیں کہ [illegible] خدمتگاری یا [illegible] کرائیں یا
[illegible] مگر یہ کہ [illegible] ہوگیا ہو یا ملازم [illegible] ہو جائے [illegible]
[illegible] ہوسکتا ہے [illegible] ہوسکے یا [illegible] اور خلاف عرف [illegible]
[illegible] مشروط ہو لیکن اگر [illegible] اجازت [illegible] کہ [illegible] اختیار ہے جس قسم کا
[illegible] حاصل کرے خلاف عرف اور [illegible] اور [illegible] مخصوص [illegible]
[illegible] میں [illegible] تسلیم میں ممکن ہو لہذا [illegible] وقت واجب الادا ہوتا ہے اور
[illegible] حادثہ [illegible] تسلیم ہو سکتا ہے [illegible] اجرت [illegible]
[illegible] ایک حق ہے اور عوض شرعی میں ادا کیا گیا اور [illegible]
[illegible] حق [illegible] کیا - اجیر جب کام کر چکے اس وقت اجرت فوراً دینا چاہیے اب کوئی
[illegible] کے لیے معین کرنا [illegible] اجیر پر موقوف ہے کیونکہ جب وہ مستحق ہو گیا تو وہ
[illegible] ہو کر [illegible] ہے کیونکہ
[illegible] معدوم ہوا کرتے ہیں اور معدوم کی بیع منع ہے لہذا بضرورت صحت عقد یہ فرض
کر لیا گیا کہ گویا ہر شے پر ایجاب و قبول جدید ہو جاتا ہے مثلاً جب

ایک مکان یا کیسال کے لیے کرایہ پر دیا اب بعد ختم مدت سکونت پیدا ہو قبول یا کل یہ بیمکی غرا دستاجر
نے مدت گذرنے کے بعد سکوت کیا اور مالک نے فسخ نہ کیا تو گویا عقد جدید ہو گیا یعنی عقد اجارہ ایجاب
و قبول کے بعد لازم ہے پس اگر مکان ایکسال کے لیے کرایہ پر لیکر دو مہینے میں چھوڑ دیا تو مالک تمام مدت کا
کرایہ لینے کا مستحق ہے اگرچہ خود قبض و دخل نکرے مسئلہ ایک شخص نے ایک گھوڑا دن بھر کے لیے کرایہ پر
لیا اور دوپہر سے چھوڑ دیا اب مالک اگر سواری چاہے یا دینے اور کسی قسم کا نفع حاصل کیا تو حسب شرط
وہی عمل جائز ہوگا مگر کسی اسیر کا کام کرنے سے سوار ہے یا [illegible] حفظ و بقا سے متعلق ہو جیسے حفاظت [illegible]
جیسے پانی پلانے کو دریا پر لیجانا یا کسی خوف اور ضرر کے مقام سے کسی مقام پر لیجانا تو ایسے امور اجارہ مانع
نہیں ہو سکتے مسئلہ عاقدین سے کوئی مر گیا یا عذر صحیح جس کا بیان آئیگا لاحق ہوا
تو اجارہ فسخ ہو جائیگا بخلاف بیع کے کہ وہاں دفعۃً مبیع مشتری کی ملک میں آجاتی ہے اب [illegible]
ممکن ہے اور منافع آئندہ کا مستاجر کے ملک میں نہیں آئے اور ورثہ کا کیا ذکر اور تجدید عقد ایک
ضروری امر تھا تو مقام پر منحصر رہیگا نہ ورثاء مستاجر سے متعلق ہو سکتا ہے نہ حالت عذر صحیح میں جیسے
مالک صرف بحالت ضرورت اجارہ خاص مستاجر سے متعلق ہوگا اور معاہدہ کا لازم اسکا معارض نہیں
کیونکہ وقوع اور اقتضاء وقوع میں فرق ہے مگر یہ جبکہ معاہدہ ہو گیا ہو کہ نفع لیا جائیگا یا لیا جائے تو
اجرت ضرور دیجائیگی سے اجیر کا کوئی حرج معتبر ہوا ہو جیسے زید ایک گاڑی عمرو سے باجرت لیتا ہے
اور بکر نے کہا کہ زید سے معاملہ نکرو ہم اسقدر اجرت دینگے یا عمرو نے بکر سے کہا کہ میں دوسری جگہ [illegible]
